بڈھلاڈہ منڈی

[illegible]

مدراس ہائی کورٹ کے گورنر

دہلی ۲۰ نومبر۔ وزارت [illegible] ... کو مدراس ہائی کورٹ کا مستقل [illegible] مقرر فرمایا ہے۔

بین الاقوامی فنڈ کی ممبری

دہلی ۲۰ نومبر۔ [illegible] ...

مسلمانوں کو متحد کرنیوالی انجمن کی [illegible]

قاہرہ ۲۰ نومبر۔ گذشتہ ایام میں قاہرہ پولیس [illegible] ...

عرب پناہ گزینوں کی تعداد

عمان ۲۲ نومبر۔ سرکاری حلقوں کے مطابق [illegible] ... عرب پناہ گزینوں کی تعداد ... [illegible]

سپین میں مصنوعی بارش کا تجربہ

بارسیلونا ۲۲ نومبر۔ [illegible] ...

مچھلیوں کی افراط

[illegible] ...

دار السلطنت

تار کاٹنے کی واردات

[illegible] ...

اچکے گرفتار

[illegible] ...

دہلی کلاتھ ملیں میں زخمی ہونیوالے

کے پسماندگان کو اکیس روپیہ ملیگا

[illegible] ...

سمنٹ کی چوری

[illegible] ...

لڑکیوں پر مجرمانہ حملہ

[illegible] ...

قتل کی واردات

دہلی پولیس کے ... [illegible]

مزدوروں کیلئے مناسب تنخواہیں

نئی دہلی ۲۲ نومبر۔ [illegible] ...

بنارس میں عظیم الشان مشاعرہ

شیخ عبد اللہ صدارت کی دعوت

بنارس [illegible] ... ہندوستان کے تاریخی شہر بنارس میں اپنی نوعیت کا پہلا کل ہند مشاعرہ دسمبر میں منعقد ہوگا [illegible] شیخ عبد اللہ وزیر اعظم ریاست کشمیر کو دعوت دی جا چکی ہے۔

[illegible] ...

اس کے خاص گیٹ ہوں گے۔

علماء ہند کا شاندار ماضی لکھ کر

مولانا سید محمد میاں صاحب نے برطانوی سامراج کی بنیادوں پر ایک بھرپور وار کیا تھا اب "علماء حق" لکھ کر انہوں نے تذکرہ نویسی کی دنیا میں ایک مقام عظیم حاصل کیا ہے — حفظ الرحمن سیوہاروی

سیاسی مورخوں کیلئے — ایک بہت غنیمت معلومات

تذکرہ نویسوں کے لئے — ایک اہم ترین سنگ میل

اور

ہمارے لئے — ایک نشان راہ

علماء حق

ہندوستان کی جنگ آزادی کے [illegible] ... قیمت [illegible]

اسی جلیل القدر مصنف کی دوسری کتابیں

ہمارے پیغمبر

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرۃ مبارکہ

کم سن لڑکیوں اور لڑکوں کے پڑھنے کیلئے

قیمت [illegible]

تاریخ الاسلام

اکثر مدارس کے نصاب تعلیم میں داخل ہو

قیمت ہر حصہ [illegible]

الاصباح!

مع نور الاصباح و نور الایضاح

فقہ عربی کی مشہور درسی کتاب نور الایضاح

ترجمہ اور مفید شرح جو مراقی الفلاح اور طحطاوی وغیرہ سے بے نیاز کر دیتی ہے

قیمت صرف ایک روپیہ آٹھ آنے

ہر قسم کی کتب پتہ ذیل سے طلب کیجئے

الجمعیۃ بکڈپو

گلی قاسم جان دہلی

ڈاکٹر پرچرے پر عدالت کی جرح
گاندھی جی کے مقدمہ قتل کی مزید کارروائی

دہلی ۲۴ نومبر۔ گاندھی جی کے قتل میں آٹھویں ملزم ڈاکٹر پرچرے پر خاص جج نے کل جرح کی۔

ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر پرچرے نے اس بات سے انکار کر دیا کہ ۲۷ ، ۲۸ جنوری کی رات کو ناتھورام گوڈسے اور آپٹے اس کے مکان میں ٹھہرے تھے۔

جج۔ ۲۸ جنوری کو گوڈسے اور آپٹے نے تمہارے مکان کے پچھواڑے میں چند پستولوں کا معائنہ کیا اور انہیں چلایا۔ ایک مفرور ملزم ڈنڈوتے نے انہیں کہا کہ تم اپنا پستول گوڈسے اور آپٹے کو دیدو۔ لیکن تم نے انکار کر دیا۔ لیکن جگدیش پرشاد گوئل سے ایک پستول لے کر تم نے انہیں دیا۔

پرچرے۔ یہ سب غلط ہے۔

جج۔ ۳۰ جنوری کی صبح کو جگدیش ناتھ نے تم سے ملا اور تم نے اس سے کہا کہ دہلی میں ایک عظیم کام سرانجام پایا جائے گا۔ اسی دن شام کو جب گاندھی جی کے قتل کی خبر تمہیں ملی تو تم نے کہا کہ بہت اچھا کام ہوا ہے۔ اور ہندو دھرم کا ایک مخالف ختم کر دیا گیا ہے۔ ...

مظاہرہ کر سکیں۔ میرے بڑے بھائی کو بھی گرفتار کیا تھا اور اسے مجسٹریٹ کے روبرو کیا گیا۔ مجھے مزید کچھ نہیں کہنا ہے۔

جج۔ تمہارے خلاف گواہوں نے جو کچھ کہا ہے اس کے بارے میں تمہیں کچھ کہنا ہے۔

پرچرے۔ ... میرے خلاف گواہ پولیس کے دباؤ کی وجہ سے دی ہے۔ اس کے علاوہ ... میرے خلاف زبردستی مجھے کا مقدمہ چلایا گیا ہے۔ کیونکہ میں گوالیار ریاست ہندو سبھا کا کارکن تھا۔ ... میں نے ... سال پہلے ... کانگریس ... سرکار کے ...

جگدیش پرشاد گوئل ... ذکر ...

گندے نالوں کے پانی کی کھاد
خوراک کی پیداوار بڑھانے کی اسکیم

نئی دہلی ۲۳ نومبر۔ زرعی تحقیقات کی انڈین کونسل کے نائب صدر نے حکومت بنگال کو ایک اسکیم تجویز کی ہے جس سے کلکتہ کے گندے نالوں سے روزانہ ۳۰ کروڑ گیلن پانی کھاد کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ آج کل نالیوں کے اس پانی کا بیشتر حصہ ضائع جاتا ہے۔

کلکتے کے گندے نالوں کا پانی ... ٹنکیوں میں جاتا ہے۔ یہ ٹنکیاں مشرق میں سب سے بڑی ہیں۔ اس گندے پانی کے کنکر روڑوں کو گاد کی شکل میں تہ نشین کیا جاتا ہے اور پھر دو جھیلوں میں انہیں چھوڑ دیا جاتا ہے اور گاد کی ... کیچڑ کو خشک کر لیا جاتا ہے۔ کنکر روڑے اور دیگر ٹھوس اجزاء سے ۲۵ فی صدی پانی کو سمندر میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔ سال میں کم از کم ۳ ہزار ٹن خشک کھاد کی ... کیچڑ تیار کی جاتی ہے۔ حالانکہ کل ایک لاکھ ٹن کھاد کی کیچڑ ... ہوتی ہے۔

گذشتہ ... میں کاشتکاروں کو یہ کھاد ... تین روپے فی ٹن دینے کی اسکیم تیار کی گئی تھی۔ ... کی لاگت ... روپے فی ٹن پڑتی تھی۔ اس لاگت کا ... مرکزی اور صوبائی حکومتوں نے نصف نصف کی بنیاد پر اپنے ذمہ لیا۔ ... کھاد کے گندے پانی کا استعمال کافی کامیاب ... انڈین جیوٹ ریسرچ اسٹیشن کے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ پیداوار میں ... اضافہ ہوا۔ ... کی پیداوار میں بھی ۲۵ فی صدی اضافہ ہوا۔ ...

لیبر تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ
کمیٹی کی متعدد سفارشیں منظور

کٹک ... نومبر۔ حکومت اڑیسہ نے لیبر تحقیقاتی کمیٹی کی ... رپورٹ ...

کپڑے کے نئے کارخانے

صوبہ بہار میں صنعتی ترقی کا پروگرام

... بستیاں ... ڈاکٹر ... کا بیان

صدر کانگریس کے خلاف عدم اعتماد

جمعیۃ علماء حیدرآباد کی اہم قرار دادیں

... جمعیۃ کے دفتر میں ... ضروری کاروبار میں ... بنا دیں ایسے افراد کی جماعتیں جو جمعیۃ کی رکنیت قبول کر کے ملک و ملت کی ترقی کے پروگرام کو آگے بڑھا سکیں۔

زراعات دفتر جمعیۃ کے حسب ذیل ... (دیوڑھی صادق جنگ ... حیدرآباد دکن) ملاقات کے لئے دفتر جمعیۃ میں ... بجے تک ... ملاقات کے لئے پہلے سے کوئی وقت مقرر کیا جائے۔ فقط

عبد السبحان ... جمعیۃ علماء حیدرآباد دکن

حکومت ہند سے نظام کی درخواست

نئی دہلی ۲۳ نومبر۔ ... معلوم ہوا ہے کہ نظام حیدرآباد نے ہندوستان سے درخواست کی ہے کہ ریاست کے ڈیفنس اور ... رسل و رسائل کے موجودہ انتظامات جاری رکھے جائیں۔ جہاں تک امور خارجہ کا تعلق ہے نظام نے مطلع کیا ہے کہ ... حکومت ہند ... کیونکہ ریاست حیدرآباد ... نظام حیدرآباد سے ...

پنڈت کاک کی رہائی

سری نگر ... نومبر ...

ہوائی بیڑہ کے نئے جہازوں کا معائنہ

بنک ملازم کی گرفتاری

دہلی ۲۳ نومبر۔ دہلی بنک کا ایک ملازم جو کئی ہزار روپے کا غبن کر کے غائب ہو گیا تھا، جالندھر میں گرفتار کر لیا گیا اور دہلی لایا گیا۔

امرت کور میونسپل مارکیٹ

دہلی۔ ... کی امرت کور میونسپل مارکیٹ کا افتتاح ... امرت کور ... کریں گی۔ ... میونسپل کمیٹی کا اعلان ... نصب کر دی گئی ہے۔

ضلع کانگریس کا انتخاب

دہلی ۲۳ نومبر۔ ... صاحب ... ضلع کانگریس کمیٹی ... کی مجلس عاملہ کے رکن منتخب کر لئے گئے۔

جرائم کی رفتار

دہلی ۲۳ نومبر۔ گذشتہ ہفتہ دہلی میں ... معلوم ہوا ہے کہ پولیس ... سائیکلوں کی چوری ...

تعلیم بالغان کا مرکز

دہلی ۲۳ نومبر۔ ... جامع مسجد کے قریب ... تعلیم بالغان ...

مسٹر بلارڈ کا مقدمہ

ہیضہ (یعنی) کالرا سے بچو

آجکل ملک میں ہیضہ (یعنی) کالرا کی وبا پھیلی ہوئی چاروں طرف یہ موذی مرض نظر آرہا ہے۔ اس مرض سے محفوظ رہنے کیلئے

AMICO—DROP

امیکو ڈراپ ہر گھر میں رکھیں

ہیضہ یعنی کالرا کے لئے یہ بہت کامیاب دوا ہے۔ مرض کی ابتدائی حالت میں ... یہ دوا قاطع جراثیم ہے۔ وبائی زمانہ میں تندرست آدمی بھی چند قطرے استعمال کر سکتے ہیں۔ امیکو ڈراپ ... دوا ہے اس کے فوائد حیرت انگیز ہیں ... آب حیات ہے ذیل کے امراض میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

(۱) موسمی درد (۲) وبائی امراض (۳) ہیضہ یعنی کالرا (۴) ... پیٹ ... (۵) ... (۶) ... (۷) ... (۸) ... (۹) ... (۱۰) ... (۱۱) سینہ ... (۱۲) درد سر (۱۳) درد شکم (۱۴) ... گردہ (۱۵) ... وغیرہ کے لئے تیر بہدف دوا ہے۔

ہر گھر میں سفر میں امیکو ڈراپ رہنا چاہئے۔

قیمت فی شیشی دو روپے بارہ آنے۔ تین شیشیاں سات روپے بارہ آنے۔ ...

ہر قسم کے علاج کے لئے فہرست ادویات مفت طلب کریں۔

ملنے کا پتہ

امین اینڈ اسمعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ

نمبر ۸۰ کولوٹولہ اسٹریٹ کلکتہ ۱ (انڈیا)

آب حیات ... ہیلتھ ...

بیماری

مسیح الملک ... کا علاج

... دواخانہ ... نمبر ۵ ... دہلی

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب

نے مسلمانوں کو پیغام بیداری دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ ——

ہفتہ وار الجمعیۃ

کا مطالعہ کر کے اپنا قومی فرض ادا کیجئے۔ اور حالات حاضرہ سے باخبر رہئے۔

اپنے یہاں کے ایجنٹ سے طلب کیجئے۔

یا براہ راست دفتر ہفتہ وار الجمعیۃ دہلی سے۔ مینیجر

”ہندوستان جتنا جلد کشمیر سے ہاتھ کھینچ لے اتنا بہتر ہے“

میں نے یہی بات لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی موجودگی میں پنڈت نہرو سے کہی تھی

سردار عبدالرب نشتر کی دھمکیاں

ہند کے دفاعی اقدامات کے خلاف پاکستان کا جاپانی پروپیگنڈہ

غیر ملکی نامہ نگاروں کی کراچی میں موجودگی معنی خیز ہے

بمبئی کی تاریخ میں سب سے بڑا طوفان باد و باراں

تمام شہر میں اندھیرا، بجلی گھر فیل

مشرقی پنجاب کی غذائی مشکلات

”مشعل آزادی کے نور سے تمام ملک جگمگا اٹھے گا“

مشعل روشن کرتے وقت میرٹھ میں صدر یوپی کانگریس کی تقریر

میرٹھ میں عظیم الشان تقریب، دہلی میں استقبال کا زبردست پروگرام

ہند پاکستانی سرحد پر ساٹھ پاکستانیوں کا حملہ

ایک پاکستانی مارا گیا ایک زخمی — چار ہندوستانی مویشی چوری ہو گئے

بقیہ کالم ۶

مسئلہ کشمیر

صوبہ سرحد میں اقلیتیں خوشحال اور پر امن زندگی بسر کر رہی ہیں

لالہ کوٹو رام کی گورنر جنرل کو یقین دہانی

لالہ جی نے کہا کہ مرکزی اور صوبائی حکومت کے تحفظ اور مسلمانوں اور پٹھانوں کے حسن سلوک کی وجہ سے اقلیتیں اپنے وطن میں خوش و خرم ہیں آپ نے گورنر جنرل کو یقین دلایا کہ اقلیتیں پاکستان کیساتھ پورا تعاون کریں گی اور اسکی ہر ممکن امداد کریں گی۔

دہلی میں استقبال

مغربی طاقتوں کو ہند چینی اور انڈونیشیا میں قوم پروری کو سمجھنا چاہئے

جنوب مشرقی ایشیا میں کمیونسٹ خطرہ کے خلاف ٹائمز لندن کا انتباہ

برلن کے مسئلہ پر صدر حفاظتی کونسل کو روس کا صاف جواب

حیدرآباد میں آئین ساز اسمبلی کا قیام

میجر جنرل چودھری کا اخباری نمائندوں کو بیان

دہلی میں بین الاقوامی نظم

ہند و پاکستان کی دوستی ضروری ہے

لیاقت علی خاں کی تقریر

برطانیہ کو برآمد بڑھانے کی ضرورت

سر اسٹیفورڈ کرپس کی تقریر

چین کی لڑائی

تبدیلی پتہ

گمشدہ کی تلاش

امروہہ میں انجمن اتحاد و ترقی کا قیام

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ایڈیٹر محمد عثمان

قیمت
سالانہ: چالیس روپے
ششماہی: بیس روپے
سہ ماہی: گیارہ روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

سیاسی بصیرت حاصل کرنے کیلئے اردو کا واحد سیاسی رسالہ "نئی زندگی"
ایڈیٹر: سید انیس الرحمن
قیمت سالانہ چھ روپے۔ فی پرچہ آٹھ آنے
نمونہ کے لئے آٹھ آنے کے ٹکٹ
منیجر رسالہ "نئی زندگی" الٰہ آباد

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم جمعہ ۲۳ محرم الحرام ۱۳۶۸ہجری مطابق ۲۶ نومبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۵۸ | بذریعہ ہوائی جہاز ڈہائی آنہ

حکومت نشہ لانے والی اشیا کے استعمال کو روکنے کی کوشش کریگی

ڈاکٹر امبیدکر وزیر قانون نے ترمیم منظور کرلی

گائے بھینس اور دوسرے دودھ دینے والے جانوروں کے ذبیحہ پر پابندی

گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ میں ترمیم کرنے کیلئے سردار پٹیل کا بل

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

جمعہ کے روز پرمٹ سسٹم پر غور کرنے کے لئے دہلی میں کانفرنس ہوگی

دونوں حکومتیں اس سسٹم سے پریشان اور ختم کرنے کے حق میں ہیں

وادی لداخ کے دروازہ پر ہندی فوج کا قبضہ

لداخ کے علاوہ راجوری اور پونچھ کے محاذوں پر پیشقدمی

میجر جنرل چودھری کلکتہ میں

مغربی طاقتوں کا جواب

آئرلینڈ کی تقسیم کا مسئلہ

مسٹر ڈی ویلیرا کا بیان

ہندوستانی وفد کراچی سے واپس

بمبئی میں تیزی سے حالات معمول پر آرہے ہیں

شہر میں بجلی کی سپلائی کا بندوبست کردیا گیا

مصیبت زدوں سے وزیر اعظم کی ہمدردی

سابق شاہ افغانستان امان اللہ کو کابل واپس آنے کی اجازت مل گئی

روس نے فلسطین کے متعلق برناڈوٹ اسکیم ماننے سے انکار کردیا

جنرل اسمبلی سے گذشتہ سال کے فیصلے پر قائم رہنے کی اپیل

> ہفتۂ جمعیت کو کامیاب بنایئے
> (اسلئے کہ)
> جمعیت علماء ہی مسلمانوں کے تعلیمی، تمدنی اور مذہبی حقوق کی حفاظت کرسکتی ہے

حب عمت ہر قسم کی جنسی کمزوریوں کو دور کرکے طاقتور بنانے کی حیرت انگیز دواء ہے ۳۲ گولیوں کی قیمت صرف ایک روپیہ دواخانہ بقائی حبلی قبر دہلی

لڑائی بند نہ ہو سکنے کی ذمہ داری پاکستان پر ہے
کشمیر کے بارے میں اقوام متحدہ کے کشمیر کمیشن کی رپورٹ

مجلس تحفظ کے کشمیر کمیشن نے اپنی ابتدائی رپورٹ پیش کر دی۔ اس رپورٹ کے مطابق کشمیر میں رائے شماری کے راستہ میں عملی مشکلات کا اظہار کیا گیا ہے۔ کمیشن نے ابھی ابتدائی رائے ظاہر کی ہے۔ وہ کسی قطعی نتیجہ پر نہیں پہنچ سکا اور نہ ہی مجلس تحفظ کے لئے کوئی عملی تجاویز پیش کی ہیں۔ کمیشن نے کشمیر میں اپنی تحقیقات کی تفصیل بیان کی اور لکھا کہ مجلس تحفظ نے جن حالات میں یہ رزولیوشن پاس کیا تھا جب ہم کشمیر پہنچے تو وہاں کے حالات بالکل مختلف تھے کیونکہ ریاست جموں و کشمیر میں پاکستانی فوجیں باقاعدہ موجود تھیں بلکہ باقاعدہ لڑ رہی تھیں اس لئے رزولیوشن کی تعمیل میں عملی مشکلات پیدا ہو گئیں۔ وہاں صورت یہ تھی کہ ہندوستان کا یہ دعویٰ تھا کہ کشمیر میں پاکستانی فوجوں کی موجودگی جارحانہ فعل ہے۔ اس کے مقابلہ میں پاکستان کا مطالبہ یہ تھا کہ ہندوستانی فوجیں بھی ریاست کشمیر سے نکل جانی چاہئیں۔

اس کے علاوہ ان کا ایک مطالبہ یہ بھی تھا کہ گفت و شنید میں آزاد کشمیر گورنمنٹ کو بھی شامل کیا جائے۔ کمیشن نے لکھا کہ کشمیر میں پاکستانی فوجوں کی موجودگی سے ایک نئی صورت حالات پیدا ہو گئی تھی اور اسی کی روشنی میں مجلس تحفظ کے رزولیوشن کو عملی جامہ پہنانا ممکن نہیں رہا۔

...

جہاں تک رائے شماری کا تعلق ہے ہندوستان کا اس بات پر اصرار تھا کہ اس کے لئے انتظامات کرنے سے پیشتر باغی ہندوستانی فوجوں کی واپسی ہو۔ اور پاکستان کا مطالبہ تھا کہ سب باہر والے جن میں ہندوستانی فوج بھی شامل ہے اسے نکالے جائیں اور آزاد کشمیر میں غیر جانبدار ایڈمنسٹریشن بنائی جائے۔ دونوں فریق اس بات پر متفق تھے کہ اس سال رائے شماری کا کوئی تجویز پیش نہیں کی۔ اور خواہش کی ہے کہ دونوں فریق تصفیہ کا کوئی اور حل تلاش کرلیں۔ جس میں عوام کی مرضی کو مقدم رکھا گیا ہے۔

سبکدوش فوجیوں کو اپنے نام درج کرا لینے ہوں گے

نئی دہلی ۲۲ نومبر۔ وزارت دفاع کا ایک پریس نوٹ ... [illegible]

جموں و کشمیر میں لڑائی کی رفتار
دشمن کے دو اہم اڈوں پر قبضہ کر لیا گیا

[illegible]

منافع کمیٹی کی رپورٹ پر غور و خوض

[illegible]

مشرقی پاکستان میں
ایک برمی سادھو کی گرفتاری

رنگون ۲۲ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ چٹاگانگ کے مقام پر پاکستان کے حکام نے یو نیرا قوامی ایک برمی سادھو کو گرفتار کیا تھا ... دو مشہور برمی سادھوؤں نے اس سلسلے میں برما میں مقیم پاکستان کے سفیر مسٹر محمد علی سے ملاقات کی۔ پاکستان کے سفیر نے آپ کو یقین دلایا کہ وہ اس واقعہ کی فوری تحقیقات کریں گے۔ حکومت برما کے پاس بھی اسی قسم کی یادداشت بھیجی گئی ہے۔ (دکوب)

چیکو سلاواکیہ سے یہودیوں کو ہتھیار بھیجے گئے

لندن ۲۲ نومبر۔ لندن میں عرب لیگ کے دفتر سے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ اس بات کا ثبوت موجود ہے کہ فلسطین میں عارضی صلح کی تنسیخ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے چیکو سلاواکیہ سے فلسطین میں یہودیوں کو ہتھیار بھیجے گئے ہیں ... [illegible]

صوبہ سرحد میں
پچاس ہزار قبائلیوں کی لام بندی

پشاور ۲۲ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ صوبہ سرحد میں ۵۰ ہزار قبائلیوں کی فوری لام بندی کے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ ان قبائلیوں کو پاکستان کی حفاظت کے لئے ہر جگہ جب ضرورت پڑے گی استعمال کیا جائیگا۔ ان قبائلیوں کو خاص طور پر ٹریننگ دی گئی ہے۔ اور بوقت ضرورت یہ پاکستان کی باقاعدہ فوجوں کی مدد کریں گے۔

کپاس کی پیداوار میں نمایاں اضافہ

نئی دہلی ۲۲ نومبر۔ امید ہے کہ دنیا میں کپاس کی پیداوار میں ہندوستان کی تیسری پوزیشن ہوگی سال جو یکم اگست سے شروع ہوا تھا کپاس کی پیداوار کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ اندازہ کے مطابق اس سال دنیا میں کپاس کی ۲۹۷۰۵۰۰۰ گانٹھیں پیدا ہوں گی۔ پہلی دفعہ دنیا کی ضرورت سے زیادہ کپاس پیدا ہو گی۔ سب سے زیادہ کپاس امریکہ اور اس کے بعد روس اور پھر ہندوستان میں پیدا ہو گی۔

تمام ملک کے لئے ایک ہی "سول کوڈ" ہونا چاہئے

اسمبلی میں مسودہ قانون کی دفعہ ۳۵ پر گرما گرم بحث
مسلمان ممبروں کی مخالفت۔ مخصوص قوانین کی حفاظت کا دعویٰ

نئی دہلی ۲۳ نومبر۔ آئین ساز اسمبلی نے آج بحث و تمحیص کے بعد مسودہ آئین ساز کی دفعہ ۳۵ کو منظور کر لیا جس میں یہ تجویز کی گئی ہے کہ تمام ملک کے لئے ایک ہی سول کوڈ ہونا چاہئے۔ جس کا متن حسب ذیل ہے۔

"اسٹیٹ کوشش کریگی کہ ہندوستان کے تمام علاقوں کے باشندوں کے لئے ایک ہی سول کوڈ (شہری قانون)" ... مسودہ کمیٹی نے اس دفعہ پر بہت اہمیت دی تھی۔ اس کی حمایت میں کمیٹی کے تین ممبروں نے تقریریں کیں ... [illegible]

نکاح و طلاق کا مسئلہ

[illegible]

پرسنل لا

[illegible]

ریڈیکل ڈیموکریٹک پارٹی کا خاتمہ

دہلی ۲۲ نومبر۔ ریڈیکل ڈیموکریٹک پارٹی کے بارے میں اطلاع ملی ہے کہ وہ عنقریب ختم کر دی جائے گی ... [illegible]

کھنڈ جیوتی پانچ سو روپے کی لاگت سے تیار ہوئی ہے

[illegible]

درد مند مسلمانوں سے
ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کی اپیل

[illegible]

مشرقی بنگال کے انگلو انڈین گورنر کی سرکاری گفت و شنید

[illegible]

بہار میں زیادہ سے زیادہ تنخواہ

پٹنہ ۲۲ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ صوبہ بہار کی حکومت کے ماتحت کسی ملازم کی تنخواہ زیادہ سے زیادہ ... روپے ماہوار مقرر کی جائے گی ... [illegible]

چین کے متعلق گفت و شنید

[illegible]

دی مغل لائن لمیٹڈ

سب سے پرانی ہندوستانی جہاز راں کمپنی

بحر احمر اور ماریشس

کی بندرگاہوں کو مسافر اور مال لیجانے والے جہازوں کا بیڑا

بمبئی سے

عدن۔ پورٹ سوڈان۔ جدہ اور مصر

کی بندرگاہوں کے درمیان ہمارے جہازوں کی آمد و رفت باقاعدگی اور خوش اسلوبی سے ہوتی ہے اور امید ہے کہ ضرورت پڑنے پر دوسری بندرگاہوں کو بھی ہم جہاز روانہ کر سکیں گے۔

تفصیلات کے لئے

ٹرنر مارس اینڈ کمپنی لمیٹڈ ۱۶ بنک اسٹریٹ بمبئی

١٧

روزانہ
الجمعیۃ دھلی
۲۶ر نومبر ۱۹۴۷ء

ہند اور پاکستان کی اقلیتیں

اس وقت ہندوستان کا سب سے اہم اور نازک مسئلہ اقلیتوں کا مسئلہ ہے، جس روز یہ مسئلہ حل ہو گیا سمجھ لو ہماری دو تہائی مصیبتیں ختم ہو گئیں اور ہم نے ایک بہت بڑی برائی پر فتح پالی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان کی اقلیتیں غیر مطمئن ہیں ان کا دل نہیں ٹھکتا کہ پاکستان میں رہیں اور وہ اس پریشانی کے عالم میں زندگی بسر کر رہی ہیں۔ یہی حال ہندوستان کا ہے، یہاں بھی اقلیتوں کو وہ جمعیت خاطر اور اعتماد حاصل نہیں جو کسی مستقل رہنے والوں کو حاصل ہونا چاہیے۔ کہنے کو تو چاپلوسی کا دروازہ کھلا ہوا ہے اور ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہند کے مسلمان مطمئن ہیں مگر ہم سمجھتے ہیں کہ اس کہنے سے ہم ملک کی کوئی خدمت انجام نہیں دے سکتے حکومت کی سب سے بڑی خدمت یہ ہے کہ اسے دھوکا نہ دیا جائے اور واقعات کو اس کی نظروں سے چھپانے کی کوشش نہ کی جائے، حکومت کا فرض بھی یہی ہے کہ وہ ہمت کے ساتھ واقعات کا مقابلہ کرے اور اپنے آپ کو اپنے سے چھپا کر مطمئن نہ ہو بیٹھے۔

ہمیں خوشی ہے کہ پاکستان کے ذمہ دار لوگوں نے چند دنوں سے اقلیتوں کے مسئلہ پر اپنی توجہ مبذول کی ہے اور وہ انہیں اطمینان دلانے اور ان کے شکوک رفع کرنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں۔ خواجہ ناظم الدین گورنر جنرل پاکستان نے صوبہ سرحد میں ہندو اقلیت سے ان کے تحفظ کا حتمی وعدہ کیا ہے، مسٹر کوڑا رام جو سرحدی کانگریس کے ایک ممتاز لیڈر اور اسمبلی کے پرانے ممبر ہیں انہوں نے پاکستان کا شکریہ ادا کیا ہے کہ پٹھانوں اور عام مسلمانوں کی برادرانہ اسپرٹ کی بدولت ہندو اقلیت وہاں خوشحالی اور آزادی کے ساتھ زندگی بسر کر رہی ہے۔

مسٹر لیاقت علی خاں وزیر اعظم پاکستان نے ڈھاکہ میں بڑی ہمت افزا تقریریں کی ہیں انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان اپنی اقلیتوں کے ساتھ نہ صرف یہ کہ حسن سلوک سے پیش آنا چاہتا ہے بلکہ وہ ایک قدم اور آگے بڑھ کر ان کے ساتھ فیاضانہ برتاؤ کرنے کا متمنی ہے۔ آپ نے سرکاری حکام اور افسروں کو بھی ہدایت کی ہے کہ وہ پاکستان کے ہر فرد کے ساتھ انصاف کا برتاؤ کریں اور اقلیتوں کے ساتھ اب تک جو سلوک کرتے رہے ہیں آئندہ اس سے بہتر سلوک کر کے دکھائیں۔

گورنر سندھ مسٹر دین محمد نے مسٹر گوبند رام پریم داس کو ایک ملاقات کے دوران میں یقین دلایا ہے کہ اگر ہندو اقلیت نے پاکستان کی قسمت کے ساتھ اپنی قسمت وابستہ کر دی تو اس کے ساتھ منصفانہ اور فیاضانہ سلوک کیا جائے گا۔ گویا پاکستان کے چاروں طرف اقلیتوں کو ان کے تحفظ کا اطمینان دلایا جا رہا ہے اور حکام کے کانوں میں بھی یہ بات ڈالی جا رہی ہے کہ وہ اپنی ذہنیت کو بدلیں اور اقلیتوں کے ساتھ انصاف کریں ان کے کو دو آنکھوں کے سوا کیا چاہیے؟ اقلیتیں اس کے سوا کیا چاہتی ہیں کہ ان کے ساتھ انصاف ہو، ان کے حقوق کا تحفظ ہو، ان کی وفاداری پر اعتماد کیا جائے حکام کی طرف سے ان کے ساتھ امتیازی سلوک نہ ہو۔ بہر حال یہ تو زبانی باتیں ہیں جن کا ہمیں خیر مقدم کرنا چاہیے، مگر حقائق باتوں سے نہیں بنتے عمل سے بنتے ہیں اور عمل کی طاقت ہی باتوں کا وزن بتاتی ہے، مگر جہاں تک عمل کا تعلق ہے پاکستان بتلائے کہ اس نے اپنے وعدوں اور اعلانوں پر کہاں تک عمل کیا؟ اس کے حکام نے اپنی فرض شناسی کا ثبوت کہاں تک دیا؟ اس کی اکثریت نے اس کی باتوں کو کس حد تک سمجھا اور اقلیتوں کے دلوں میں جگہ پیدا کرنے کی کہاں تک کوشش کی؟ یہی باتیں ہیں ہم ہندوستان

کی پوچھ سکتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ سچائی کے ساتھ ان کا جواب دیا جائے۔

گورنر سندھ نے کسی امام صاحب سے جو باتیں اگر کرکے ساتھ کہیں ہم ان سے اتفاق نہیں کر سکتے حکومت عالم الغیب نہیں ہے اس کے پاس کوئی ایسا آلہ نہیں جو غداری اور وفاداری کا اندر سے معلوم کر سکے اس کا کام صرف اتنا ہی ہے کہ اگر کوئی غدار ہے تو اسے سزا دے اور جس کی غداری کا ثبوت نہ ملے اسے وفادار سمجھے یہ کہنا حماقت اور بزدلی کے مرادف ہے کہ اگر اقلیت نے وفاداری کا ثبوت دیا تو اس کے ساتھ انصاف کیا جائے گا۔ کہنا یہ چاہیے کہ جو شخص غداری کرے گا اسے سزا دی جائے گی۔ آخر غداری کو اقلیتوں کے ساتھ ہی کیوں مخصوص کر لیا گیا؟ کیا اکثریت کے بعض افراد غداری نہیں کر سکتے؟ جو شخص پاکستان یا ہندوستان میں رہتا ہے اس کی نسبت یہ یقین کر لینا پڑے گا کہ وہ اسٹیٹ کا وفادار ہے اور اس نے وفادار ہے کہ اس کی غداری کا کوئی ثبوت نہیں ملا۔ کیا کوئی حکومت یہ کہہ سکتی ہے کہ اگر اقلیت نے چوری کا نہ کی تو اسے شہری حقوق دیے جائیں گے؟ اس کے معنے تو یہ ہوئے کہ اقلیت کو اصولاً چور تسلیم کر لیا گیا اور چوری کا نہ کرنے والوں کو مستثنیٰ قرار دیا جا رہا ہے۔ حکومت تو صرف یہ کہہ سکتی ہے کہ جو شخص چوری کرے گا وہ سزا پائے گا۔ یعنی اکثریت اور اقلیت کی بے گناہی اور وفاداری مسلم ہے البتہ ارتکاب جرم کے بعد صرف اسی شخص کو چور قرار دیا جائے گا جسے عدالت چور تسلیم کرے، لیکن جو حکومت اپنی اقلیت سے وفاداری کا ثبوت طلب کرتی ہے وہ گویا اقلیت کو اصولاً غدار تسلیم کرتی ہے۔ [illegible]

سیاست کے بازار میں وفاداری کا فیشن بھی خوب مقبول ہوا ہے۔ اگر پاکستان کو معلوم ہونا چاہیے کہ وفاداری کا شربت [illegible] ... حسن سلوک، انصاف، ہمدردی کے ذریعے تیار کیا جاتا ہے۔ اکثریت اگر اقلیت کے جذبات کا احترام کرے گی تو اقلیت اسی انداز میں اس کا جواب دے گی اور محبت کے سر چشمے محبت کی سوتیں خود بخود بہنے لگیں گی۔ آپ کسی سے پکی دوستی کا مطالبہ کر کے اسے اپنا دوست نہیں بنا سکتے۔ [illegible] ... تم ہمیں کسی کو بھی دوست بنا سکتے ہو اگر تمہارے دل میں تمہاری دوستی اور محبت کی بہت قدر ہو۔ ... پاکستان اور ہندوستان کو چاہیے کہ وہ اقلیتوں کے ساتھ بہتر سلوک کر کے انہیں اپنا وفادار بنائیں اور وفاداری کا مطالبہ کر کے انہیں غدار بنانے کی کوشش نہ کریں۔

نیک خواہش

پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم ہندوستان نے جموں میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا: "ہندوستان، پاکستان پر حملہ کرنا نہیں چاہتا

اچھی باتیں

امن۔ تالیف کتاب (پ ع ۱)

وہ کونسی ذات ہے جو مضطر اور پریشان لوگوں کی دعا سنتی ہے اور تمہیں زمین کا وارث بناتی ہے؟ سو چو کیا ایک خدا کے سوا کوئی دوسرا خدا بھی ہو سکتا ہے؟ مگر تم بہت ہی کم ہوش۔

انسان پریشان ہو، مصیبت میں گھر چکا ہو، مقدور بھر کوشش کر کے ہار چکا ہو اور اپنی کمزوریوں اور خامیوں پر نادم ہو اور وہ دل سے دعا کرے تو خدا اس کی دعا کو قبول فرماتا ہے اور اس پر نجات اور خلاصی کی راہیں کھول دیتا ہے۔ اور نہ صرف نجات دیتا ہے بلکہ ایسے مخلصین اور تائبین کو زمین کا وارث بھی بنا دیتا ہے جو خدا کی بخشی ہوئی طاقتوں سے مخلوق کی اصلاح کرتے اور دنیا میں ایک اخلاقی نظام قائم کرتے ہیں۔

مگر اخلاق و اخلاص کی یہ طاقت صرف انہیں کو عطا کی جاتی ہے جو صرف ایک ہی چوکھٹ کی دربانی کریں اور ایک خدا کے سوا کسی کو اپنا پشت و پناہ تصور نہ کریں۔ دعا کی قبولیت کی پہلی شرط یہ ہے کہ اس میں اخلاص ہو اور اس بات کا اقرار کہ آئندہ کوئی غلطی نہ ہونے پائے گی۔ بار بار دعائیں کرنا اور بار بار توڑنا دعا کے ساتھ مذاق ہے اور اس مذاق کا وبال دعا کرنے والے پر ہی پڑتا ہے۔

ہمارے رہنماؤں کی نظر میں

جمعیۃ علماء ہند کی اہمیت

(مرتبہ ... انصاری)

[illegible]

امام الہند مولانا ابو الکلام آزاد

[illegible]

شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی

[illegible]

مجاہد ملت مولانا حفظ الرحمن

[illegible]

رئیس الاحرار مولانا حبیب الرحمن

[illegible]

مولانا محمد میاں صاحب

[illegible]

جمعیۃ علماء کی سرگرمیاں

بھوجپور میں انتخاب — بنارس میں کانفرنس — ناظم جوالاپور کو صدمہ
ضلع ۔ دھلی کا جلسہ — حلقہ شمالی سہارنپور میں جلسہ

جمعیۃ علما بھوجپور کا انتخاب

بھوجپور ... زیر صدارت مولانا جمال الدین صاحب فاضل دیوبند ممبران و مسلمانان بھوجپور ... جمعیۃ علماء ... ضلع شاہ آباد کے عہدہ داران کا انتخاب عمل میں آیا۔ [illegible]

بنارس میں جمعیۃ علماء کانفرنس

بنارس ... شہر اور ضلع کے بزرگوں کو یہ مسرت ہے کہ جمعیۃ علماء بنارس کی دعوت پر مرکزی جمعیۃ ... صدر جمعیۃ حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد صاحب مدنی نے ۹، ۱۰ دسمبر ۱۹۴۷ء کے لئے منظور فرما لیا ہے۔ [illegible]

ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء جوالاپور کو صدمۂ عظیم

[illegible]

جمعیۃ علماء ضلع ۔ دھلی کا جلسہ

[illegible]

سہارنپور میں جمعیۃ علماء حلقہ شمالی کا جلسہ

[illegible]

ڈاکٹر سیف الدین کچلو

[illegible]

حافظ محمد ابراہیم

[illegible]

باقی صفحہ ۴ پر

برائے اطلاع عام

حکومت ہند نے ۱۵ نومبر ۱۹۴۸ء کے غیر معمولی گزٹ کے ذریعہ وزارت امداد و بحالیات کے محکمہ کسٹوڈین کا ایک نوٹیفکیشن شائع کیا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ مشرقی پنجاب سے نکلنے [illegible] انخلا کرنے والوں [illegible] کی جائداد کے انتظام کے قانون ۱۹۴۷ء کے سیکشن ۶ کے سب سیکشن (۱) کے مطابق جس کا دہلی پر بھی نفاذ کیا گیا ہے حسب ذیل جائداد کا قبضہ لے لیا ہے۔

شیڈول "جی" کاروباری جائدادیں صوبہ دہلی

نمبر شمار	جائداد کی نوعیت	جائے وقوع	جائداد کا کتنا حصہ کسٹوڈین کو پہنچ گیا ہے / حکومت یا کرایہ دار کا قبضہ
۱۳۳۰	دوکان ۳۳۶/۱۱۱	[illegible] چاندنی چوک	دوتہائی
۱۳۳۱	دوکان ۵۹۵	مین بازار پہاڑ گنج	کل
۱۳۳۲	دوکان ۴۹۵	کوچہ طالب چاندنی چوک	"
۱۳۳۳	دوکان ۴۳۷/۱ تا ۴۲	[illegible]	"
۱۳۳۴	دوکان ۲۸۳	گوڑا کالا [illegible] روڈ پہاڑ گنج	دوتہائی
۱۳۳۵	دوکان ۸۷۶	گلی کیسے والان	کل
۱۳۳۶	دوکان ۵۲۴	مین بازار	دوتہائی
۱۳۳۷	۵۲۳	"	"
۱۳۳۸	۵۲۳	"	"
۱۳۳۹	۱۵۳۵	"	کل
۱۳۴۰	۹۲۸۱/۲	کٹرہ [illegible]	"
۱۳۴۱	۹۲۸۱/۵	نبی کریم پہاڑ گنج	"
۱۳۴۲	۱۲۱۲۹	[illegible] پہاڑ گنج	"
۱۳۴۳	۳۴۴	گھی منڈی	"
۱۳۴۴	۱۳۱۵۳	حمالی [illegible]	"
۱۳۴۵	۴۹۵	منڈل	"
۱۳۴۶	۲۴/۳۱۶	جامن [illegible]	"
۱۳۴۷	آر ۱۰۰۰/۶	"	"
۱۳۴۸	دوکان ۸۳	مین بازار	"
۱۳۴۹	۸۶	گلی عطریان	"
۱۳۵۰	۳۳۵۶	بازار سیتارام	دوتہائی
۱۳۵۱	مسیحی ہارڈویئر اسٹور	بازار اجمیری گیٹ	کل
۱۳۵۲	دوکان ۱۲۵۳	کٹرہ [illegible] چاندنی چوک	دوتہائی
۱۳۵۳	۱۵۰۳	مین بازار پہاڑ گنج	"
۱۳۵۴	۶/۵۸	[illegible]	"
۱۳۵۵	[illegible]	جامن [illegible]	[illegible]
۱۳۵۶	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۵۷	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۵۸	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۵۹	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۶۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۶۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۶۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۶۳	[illegible]	مین بازار	[illegible]
۱۳۶۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۶۵	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۶۶	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۶۷	[illegible]	مین بازار	[illegible]
۱۳۶۸	دوکان خالی	[illegible]	[illegible]
۱۳۶۹	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۷۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۷۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۷۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۷۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۷۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۷۵	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۷۶	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۷۷	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۷۸	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۷۹	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۸۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۸۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۸۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۸۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۸۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۸۵	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۸۶	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۸۷	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۸۸	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۸۹	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۳۹۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]

نوٹ: [illegible]

جمعیۃ علماء ہند کی اہمیت

صفحہ ۳ سے آگے

خان بہادر محمد جان

کلکتہ کے مشہور قوم پرور لیڈر نے [illegible] سہ [illegible] میں تقریر کرتے ہوئے کہا۔

کوئی دینی یا سیاسی جماعت کا ذکر ہند چھوڑ کر نہیں ہے جس کی تاریخ اتنی روشن ہو جتنی کہ جمعیۃ علماء کی جمعیۃ نے دوسروں کے دوش بدوش جنگ آزادی میں حصہ لیا اور اس کا دامن فرقہ پرستی کی آلودگی سے پاک رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ ہندوستان میں مسلمانوں کا کوئی جداگانہ تمدن نہیں ہے لیکن مشترکہ تمدن میں ان کی بعض خصوصیات ہیں جن کے تحفظ کے لئے جمعیۃ علماء کی ضرورت ہے۔

(لکھنؤ کانفرنس دسمبر ۱۹۴۸ء)

قرارداد لکھنؤ کانفرنس

دسمبر ۱۹۴۸ء میں لکھنؤ میں جو کانفرنس مسلمانان ہند کی منعقد ہوئی تھی اس نے ایک قرارداد پاس کی تھی جس میں کہا گیا تھا کہ۔

مسلمان بعض مذہبی اور تمدنی مفادات بھی رکھتے ہیں جن کے تحفظ کے لئے ایک ایسے ادارہ کی ضرورت ہے جسے خاص طور سے یہ کام سپرد کیا جائے جمعیۃ علماء ہند کی پچھلی تاریخ اور خدمات کو دیکھتے ہوئے یہ کانفرنس اعلان کرتی ہے کہ زیادہ جمہوری بنیاد پر منظم جمعیۃ مسلمانوں کے مذہبی مفادات کی حفاظت کے لئے ایک علیحدہ [illegible] اور اس [illegible] کی انجام دہی [illegible] کو آپ کی تنہا ذمہ داری میں دینے کے لئے [illegible] حاصل ہیں۔

جموں میں پنڈت نہرو کی تقریر

جموں ۳۰ نومبر [illegible] ایک عام جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے پنڈت جواہر لال نہرو نے پاکستانی اخبارات کی [illegible] کا ذکر کیا [illegible]

نامزد ڈپٹی ہائی کمشنر کی تقریر

[illegible]

شراب بندی کی تحریک عام کے سلسلہ میں

خاص مجسٹریٹ مقرر کئے گئے

[illegible]

فلسطین میں یہودیوں کے مطالبات

اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں بحث

پیرس ۲۰ نومبر [illegible] اقوام متحدہ کی سیاسی کمیٹی میں فلسطین کے مسئلہ پر بحث جاری ہے۔

[illegible] ساتھ کا [illegible] ہو سکتا ہے کہ بعض فلسطین کا یہ علاقہ عربوں کو دیا جائے [illegible] اقوام متحدہ کی تقسیم کے منصوبہ کے مطابق یہودیوں کو دیا جانا تھا [illegible] کو دیا جائے [illegible] کی حمایت کی۔

بازاروں کے بھاؤ

بازار صرافہ دہلی

چاندی تیار [illegible]
چاندی کے [illegible]
سکہ چاندی [illegible]
سونا تیار [illegible]
[illegible]

دہلی غلہ منڈی

[illegible]

دہلی اناج منڈی

[illegible]

بازار حصص دہلی

[illegible]

شاہی دورہ ملتوی

[illegible]

ہیلی فیکس کی بندرگاہ میں کام کرنے والوں نے ہڑتال کا نوٹس دیدیا

[illegible] ہڑتال کرنے کا نوٹس دیدیا ہے [illegible]

سمندر میں تیل کی تلاش

[illegible]

دار السلطنت

جمعیۃ علماء ضلع دہلی کی سرگرمیاں

ہفتہ جمعیۃ منانے کا پروگرام

مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ضلع دہلی [illegible] کے اجلاس منعقدہ [illegible] نومبر میں ہفتہ جمعیۃ منانے کے سلسلہ میں محلہ وار جلسوں کا جو پروگرام [illegible] ممبروں کی [illegible] کے شائع کیا جاتا ہے [illegible] حلقے کے مسلمانوں کو مطلع کر دیں۔

[illegible] بعد نماز [illegible] ہوں گے اور حضرت مولانا احمد سعید صاحب صدر ضلع ہر جلسہ میں خود شرکت فرما کر تقاریر فرمائیں گے۔

۲۴ نومبر کو — مسجد [illegible] قبرستان
۲۵ نومبر کو — [illegible] مسجد [illegible] کی گیٹ
۲۶ نومبر کو — [illegible] مسجد [illegible] کلاں مسجد
۲۷ نومبر کو — مسجد [illegible] سیتارام
۲۸ نومبر کو ایک جلسہ [illegible] حسین بخش میں ہوگا۔

اس ہفتہ میں ہمارے کارکن ہر محلہ میں گشت کریں گے مسلمانوں کو ان کا خیر مقدم کرنا چاہئے۔

بزم سخن کا شاندار جلسہ

[illegible]

جلد علم و ادب کے باعث ایک مرکزی حیثیت حاصل ہو جائے گی۔ مسلمانان دہلی کو چاہئے کہ وہ بزم سخن کے ہفت روزہ اجلاس میں شرکت فرما کر اپنی زندہ دلی اور علم نوازی کا ثبوت دیں۔

جامع مسجد میں احرار خدام خلق کا جلسہ

دہلی ۲۶ نومبر [illegible] جامع مسجد شاہجہانی میں احرار خدام خلق کا عظیم الشان جلسہ ہوگا جس میں کئی مرکزی اکابر اور صوبہ دہلی کے دیہات اور بیرونجات سے متعلق [illegible] ہوں گی جلسہ میں زیادہ سے زیادہ شرکت کیجئے۔

حضرت مجدد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا عرس

حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار سرہند میں ہے جو ریاست پٹیالہ سے متعلق ہے حضرت مجدد صاحب اکابر ہندوستان اور اولیاء میں خاص الخاص منزلت و شخصیت کے مالک سمجھے جاتے ہیں۔ آپ کا سالانہ عرس [illegible] دسمبر کو ہوتا ہے۔ اس سال [illegible] دسمبر کو ہوگا۔

آپ کے عرس میں ہمیشہ ملک کے مسلمان کثرت سے شریک ہوتے ہیں کیا اچھا ہو جو مشرقی پنجاب کی حکومت مسلمانوں کو اس مبارک تقریب میں شرکت کے لئے سہولت بہم پہنچانے کی بابت [illegible] مستعد اور بہتر اقدام کرے۔

ہمیں توقع ہے کہ حکومت ہند کے [illegible] بھی اس جانب متوجہ ہوں گے اور مشرقی پنجاب کی حکومت کو اس بہتر سے بہتر استفادہ کی جانب [illegible]

"یوم خود مختاری"

[illegible]

۵ اشخاص گرفتار

[illegible]

پولیس کانسٹبل معطل

[illegible]

دہلی کی بقیہ خبریں صفحہ ۵ پر

آدمی بندر تھا

مشہور انگریز فلاسفر ڈارون نے یہ ثابت کیا ہے کہ آدمی بندر تھا۔ ہوگا۔ ہم اس کی تحقیق میں نہیں پڑتے۔ سائنس نے پھر [illegible] ڈاکٹر وارونا نے ہمارے [illegible] پیدا کرنے کے لئے انسان کے جسم میں بندر کے غدود کا پیوند لگانا شروع کیا [illegible] ہزاروں روپیہ کا [illegible] غدود کی حالت سے باریک رگوں اور نسوں میں طاقت پہنچانے کا نہایت کارگر اور آسان ساتھ معجون شباب آور ہے۔ غدودوں میں نیا خون اور تازگی پیدا ہو جانے کی وجہ سے ضعیف العمر اور ناکارہ سے ناکارہ اور مایوس سے مایوس لوگ عیش و عشرت کی زندگی گزار رہے ہیں [illegible] آپ کو معلوم ہوگا کہ آج ہی [illegible] شباب آور بڑی کثرت سے فروخت ہوتی ہے۔ آپ بھی آج ہی طلب فرمائیے۔ قیمت [illegible]

[illegible]

ہمدرد دواخانہ [illegible] دہلی



ہمدرد

سومیکس

[illegible]

براںچ۔ ایچ۔ ڈی۔ ٹریڈنگ کمپنی کمیٹ اینڈ ڈرگسٹ بلیماران دہلی

ہیڈ آفس۔ ایچ۔ ڈی۔ ٹریڈنگ کمپنی خورجہ (یو۔ پی)

اٹاوہ کی خبریں

(بذریعہ ڈاک)

نمائش کی دلچسپیاں

اٹاوہ کی مشہور سالانہ نمائش جو ۲۰ نومبر سے شروع ہو رہی ہے اپنی گوناگوں دلچسپیوں کے لحاظ سے خوب ہوگی۔ ضلع کے انگلش اسکولوں اور ہندوستانی اسکولوں کے اسپورٹس ہوں گے۔ افسران اور شہری اصحاب کے درمیان کرکٹ میچ ہوگا۔ کوی سمیلن اور اردو مشاعرہ ہوگا جس میں باہر کے شعرا بھی شرکت کریں گے۔

اسٹرائک ختم!

حافظ محمد صدیق اسلامیہ انٹر کالج میں جو اسٹرائک طلبہ کی دو پارٹیوں میں جھگڑا ہونے کی وجہ سے ہو رہا تھا ختم ہو گیا۔ پرنسپل صاحب کالج نے ایک طالبعلم کو کالج سے کچھ عرصہ کے لئے علیحدہ کر دیا اور دوسرے طالبعلم کو دیکھئے کیا سزا ملتی ہے۔

پیڈا گوجی کیمپ

گورنمنٹ انٹر کالج میں مسلسل سات روز تک پیڈا گوجی کیمپ ہوا۔ تمام طلبہ روزانہ قریب جوار کے دیہاتوں میں جا کر باشندگان کو حفظان صحت کے طریقے بتاتے تھے۔ کیمپ کا ایک اشنان کے روز تمام ... سوشل سروس کرنے کے بعد ختم ہوا۔

یونائیڈ نیشن ایجوکیشنل سائنٹفک آرگنائزیشن

۱۰ نومبر کو گورنمنٹ انٹر کالج میں ضلع کے تمام اسکولوں کے طلبہ میں مضمون نویسی کا مقابلہ ہوا۔ مضمون کا عنوان تھا ہم سب مل کر خوشی کی دنیا بنا سکتے ہیں۔ سب سے بہتر مضمون ایک طالبہ ... کا مانا گیا ہے ابھی ایک لڑکے کا انتخاب باقی ہے۔

شری جگن پرشاد راوت
پارلیمنٹری سکریٹری

۱۰ نومبر کو آنریبل وزیر اعظم یوپی کے پارلیمنٹری سکریٹری شری جگن پرشاد راوت ... کیمپ کے سلسلہ میں تشریف لائے ... ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے بنگلہ پر ... حکام سے گفتگو کی۔

میسور کے حکمراں کا عزم امریکہ

بنگلور ۱۰ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ ... میسور کے حکمراں ... کے سلسلہ میں امریکہ جا رہے ہیں ... ابھی تک اس سلسلہ میں کوئی سرکاری اعلان نہیں کیا گیا۔ (اگرب)

ٹونڈیر میں بجلی کی سپلائی

رامپور ۱۴ نومبر۔ ریاست رامپور کے ... ٹونڈیر میں بجلی کی سپلائی کا افتتاح ... ریاست کے ... کی ... کے سلسلہ میں ...

ہندی آرٹ کی نمائش

... ۱۴ نومبر۔ وزارت تعلیم کی طرف سے ... نمائش شروع کی گئی ... اور جس کا افتتاح ... گذشتہ چند دنوں میں اس کو دیکھنے کے لئے ہزاروں آدمی آ چکے ہیں۔

یوپی کی اتحاد و ترقی کمیٹی کا ایک خاص اجتماع

لکھنؤ ... ۱۴ نومبر۔ مولانا ... الرحمن صاحب ... کی دعوت پر ... میں ... حضرات کا ایک جلسہ ہوا جس میں حسب ذیل حضرات خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

(۱) حضرت مولانا حبیب الرحمن اعظمی ... اور پنڈت سیتا رام شکل ... مولانا محمد ... صاحب ... شاہجہاں پوری ... ذیل امور طے ہوئے۔

... تعلیم ... مسلمانوں ... کے ... کمیٹی کی طرف سے ایک اہم شعبہ ... قائم کیا جائے۔

بہار میں جاگیروں کا سرکاری انتظام

پٹنہ ۱۳ نومبر۔ بہار حکومت ... جاگیرداری ... کے ... انتظام ...

ٹرومین مارشل گفت و شنید

واشنگٹن ... ۱۴ نومبر۔ امریکہ کے ... مسٹر ٹرومین ... مارشل ... سے گفتگو ...

۴۷ ملاح لاپتہ

بمبئی ... ۱۴ نومبر۔ ... جہاز ... ۴۷ ملاح لاپتہ ہیں۔

ہفتہ جمعیۃ کو کامیاب بنایئے
ناظم دہلی جمعیۃ علماء کی اپیل

دہلی ۱۴ نومبر۔ مولانا اخلاق حسین قاسمی ناظم جمعیۃ علماء صوبہ دہلی نے ہفتہ جمعیۃ کے سلسلہ میں مسلمانان دہلی سے اپیل کی ہے۔

۲۰ نومبر سے ہفتہ جمعیۃ شروع ہو رہا ہے۔ ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کے اعلان کے مطابق جمعیۃ علماء صوبہ دہلی کے تمام اضلاع میں سرگرمی کا کام جاری ہے۔ دہلی کے مسلمان جنہوں نے ہمیشہ جمعیۃ علماء کے سیاسی اور مذہبی نظریات کا ساتھ دیا ہے۔ وہ آج کے نازک ترین حالات میں جمعیۃ علماء کی اہمیت اور اس کی ضرورت سے بے خبر نہیں ہو سکتے۔ مجھے امید ہے کہ مسلمانان دہلی اپنی شاندار روایات کے مطابق ہفتہ جمعیۃ کو پورے جوش و خروش کے ساتھ کامیاب بنائیں گے۔ اور کارکنان اپنے اپنے حلقوں میں باہمی تعاون اور پوری سرگرمی کے ساتھ ہفتہ جمعیۃ کے پروگرام پر عمل کریں گے۔ ہفتہ جمعیۃ کا پروگرام حسب ذیل ہے۔

(۱) کارکنان اضلاع ممبر سازی کے لئے روزانہ گشت کریں۔ اور اس بات کی پوری کوشش کی جائے کہ ہر بالغ مسلمان مرد اور عورت جمعیۃ علماء کا ممبر بن کر اپنی جماعت کے دائرہ تنظیم میں شامل ہو جائے۔

(۲) ہر ضلع میں جلسے منعقد کئے جائیں۔ اور مسلمانوں کو جمعیۃ علماء کے اغراض و مقاصد سمجھائے جائیں ... مسلمانوں کو بتایا جائے کہ موجودہ حالات میں اصلاح اعمال اور صبر و استقلال کی بیحد ضرورت ہے ...

(۳) مساجد کے امام خاص طور پر نماز کے بعد اس مقصد کی طرف مسلمانوں کو توجہ دلائیں۔

(۴) اخبار الجمعیۃ کی اشاعت بڑھائے اور مسلمانوں کو جمعیۃ علماء کی مالی امداد کی ترغیب دی جائے۔

جو کی بجائے چنا

... گورنمنٹ ... کا ... ہے کہ ... جو کی بجائے چنا دیا جائے گا ...

دہلی کی عدالتوں میں

دہلی ۱۴ نومبر۔ ... نامی ایک شخص کو دھوکہ دیکر اس سے اس کی طلائی ... اور کچھ نقدی ... چھین لی گئیں ... عدالت نے ... ایک سال قید سخت کی سزا دی گئی ... ۶ ماہ قید سخت کی سزا دی گئی۔

حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب
بیگڑہ، فیروزپور اور کانپور تشریف لے جا رہے ہیں

دہلی ... نومبر۔ مجاہد ملت حضرت مولانا حفظ الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند ... تشریف لے گئے ہیں ... جمعیۃ میں شرکت فرمائیں گے ... جامع مسجد میں بعد نماز جمعہ تقریر فرمائیں گے۔

اسی شام کو مولانا فیروزپور ... رات کو وہاں ... ۲۰ نومبر کی صبح ... کانپور روانہ ہو جائیں گے اور ... تقریر فرمائیں گے۔

دہلی کو خود مختار صوبہ بنایا جائے
کشمیری گیٹ کانگرس کمیٹی کا مطالبہ

دہلی ... نومبر۔ ... کشمیری گیٹ کانگرس کمیٹی کی ایک میٹنگ ... جس میں ... دہلی صوبہ کو خود مختار صوبہ بنا دیا جائے۔

ٹریفک کے حادثات روکنے کی کوشش

دہلی ۱۴ نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مقامی حکومت ... حادثوں کو روکنے کی ... ٹریفک ... کمیٹی ... کوشش ... سلسلہ میں ...

نواب معین نواز جنگ

نئی دہلی ... نومبر۔ معلوم ہوا ہے کہ حیدرآباد کے سابق وزیر ... نواب معین نواز جنگ ... کی ... سکیورٹی کونسل میں ...

اسٹالوں کی تعمیر ملتوی

دہلی ... نومبر۔ ... اسٹالوں کی تعمیر ...

ڈاکٹر مکرجی ہندو مہاسبھا سے کیوں مستعفی ہوئے
ہندو مہاسبھا کی نئی پالیسی سے اختلاف تھا

کلکتہ ۱۴ نومبر۔ ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی وزیر صنعت و رسد حکومت ہند نے اپنے ایک طویل بیان میں اس امر کی وضاحت کی ہے کہ وہ ہندو مہاسبھا کی ورکنگ کمیٹی سے کیوں مستعفی ہوئے۔ آپ نے کہا ہے ... اگست ... میں ہندو مہاسبھا ... کو مشورہ دیا تھا کہ ہندوستان کی سیاسی آزادی کے حصول کے بعد اپنی پالیسی میں تبدیلی کرے ... آزادی کے بعد کسی ایسی جماعت کی ضرورت نہیں رہی جو صرف ہندوؤں ... حکومت کی پالیسی اور نظم و نسق کو ڈھالنے ... حقوق کی حفاظت ...

مجھے امید ہے کہ آئندہ چل کر ہندو مہاسبھا جو بھی فیصلہ کرے اس کی سرگرمیاں صرف ہندوؤں کے استحکام ہی تک محدود نہ رہیں گی بلکہ ان تمام لوگوں کے لئے وہ کام کرے گی جو ہندوستان کو وطن تسلیم کرتے ہیں۔

بھائی عبد اللہ کی وفات

...

ہندوستان میں خوراک کی پیداوار

... ہو جائے گا ... آئندہ دو سال میں ... گذشتہ سال میں ... لائی گئی ہے ... جو ناقابل کاشت ... لائی جائیگی۔

جوانی کو ایک دم واپس لے آنیوالی تین چیزیں

اکسیر ... سونا ... سلاجیت ... اور تمام مردانہ ... کے لئے ... دنیا کی سب سے بڑی کامیاب دوا ہے قیمت فی شیشی ...

جیون ... رگوں میں نیا خون ... نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایک دم واپس لے آتی ہے ... مشک، عنبر اور ... جواہرات ... قیمت فی شیشی ... پندرہ روپے

مسیحی طلائی ... رگوں میں ... جان آ جاتی ہے ... قیمت فی شیشی ...

تصدیق ... مریضوں کیلئے بھی مفید پایا
دستخط: حکیم ...

صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

ہفتہ وار الجمعیۃ دہلی
کا

مطالعہ فرما کر اپنی قومی بیداری کا ثبوت دیجئے
اتوار کے روز روزنامہ الجمعیۃ کی چھٹی ہوتی ہے۔ اسلئے
اس خالی دن میں ہفتہ وار الجمعیۃ پڑھئے۔ اور اپنے حلقہ
اثر میں توسیع اشاعت کی سعی کیجئے۔

منیجر ہفتہ وار الجمعیۃ

تپدق
پرانے بخارات T.B.

JABRI जबरी جبری
JABRI
JAGADHRI

تپدق کی مشہور عالم دوا جبری کے بارے میں عوام کا فیصلہ

...

تپدق اور پرانے بخارات کے مریضو اب بھی سمجھو

... JABRI JAGADHRI ...

رائے صاحب کے ایل شرما اینڈ سنز میل ینڈ ممبکرز (۲۵) جگادہری

لباطحانے والوں کو خوشخبری

... بھارت گلاس کمپنی بلند شہر ... کے حساب سے ...

المشتہر
منیجر بھارت گلاس کمپنی بلند شہر یوپی

A3

شہری ہوابازی میں ہندستان کی سریع ترقی

ریجنل کونسل میں پنڈت نہرو کا خطبۂ صدارت

پڑوسیوں سے تعلقات

کیا مسلمان سرہند کی زیارت کر سکتے ہیں ؟

پٹیالہ اور مشرقی پنجاب کی حکومتیں اجازت دینے کو تیار ہیں

"ہندی تمام دنیا کی زبانوں میں دوسرے درجہ پر ہے"

لیکن ابھی اسے تین لاکھ الفاظ کی کمی ہے

پنڈت سنکر تیا یان کے منطقی اور فلسفیانہ ارشادات

مسلمانان میرٹھ کی جانب سے مولانا حفظ الرحمن کا شاندار خیر مقدم

مولانا حفظ الرحمن اور مولانا بشیر احمد کا اجتماع عظیم سے خطاب

نامہ نگار الجمعیۃ

حیدرآباد میں دستور ساز اسمبلی کا قیام

نظام جلد ہی فرمان جاری کر دینگے

بچوں کے لئے مفت جبری تعلیم

دستور ساز اسمبلی میں متعلقہ دفعہ منظور

گاندھی جی کی عظمت کا اقرار

مسٹر یوسف مہر علی کی تقریر

اسمبلی میں گرما گرم بحث

جوابی تقریر

ہوئی کی راجدھانی

سرخ فوجوں نے قبضہ کر لیا

ہند پاکستان کی جنگ دونوں کیلئے تباہ کن ہوگی

مسٹر لیاقت علی خاں کی جلسہ عام میں تقریر

سردار پٹیل کابل

چوری کے الزام میں بیوی گرفتار

مجلس آئین ساز کی کارروائی

وزیر اعظم بہار کی لوگوں سے اپیل

امریکہ کیسے دولت مند ملک بن گیا

FORTUNE IN FORM

کمرشل سنڈیکیٹ قطب روڈ نئی دہلی

برائے اطلاع عام

شوکت علی عباسی ۔ ناظر سنی مجلس اوقاف ۔۔۔ دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹۷

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

الجمعیۃ

روزنامہ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

قیمت سالانہ
چالیس روپے
ششماہی بیس روپے
سہ ماہی
گیارہ روپے

تار کا پتہ — الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

الجمعیۃ میں
اشتہار دے کر آپ
اپنی تجارت اور کاروبار کو
یقیناً کامیاب بنا سکتے
ہیں

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم ہفتہ ۲۴ محرم الحرام ۱۳۶۸ہجری مطابق ۲۷ نومبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۵۹ | بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنہ

تفصیلات میں پڑکر ایوان کی شان نہ گھٹایئے، مجلس آئین ساز کے ممبروں کو پنڈت نہرو کا مشورہ

نظامت اور جج کی محکموں کو الگ کردینے کی ترمیم منظور کرلیگئی
عبادتگاہوں کے تحفظ سے متعلق مسٹر طاہر کی ترمیم نامنظور

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۲۵ نومبر۔ ایوان کو تفصیلات میں پڑکر اپنی شان کو نہیں گھٹانا چاہیئے۔ یہ ہے وہ مشورہ جو پنڈت جواہر لال نہرو نے آج مجلس آئین ساز میں [illegible]

پنڈت نہرو

[illegible]

ڈاکٹر امبیدکر

[illegible]

عبادتگاہوں کی حفاظت

[illegible]

مرکزی جمعیۃ علماء ہند کی مجلس عاملہ کا اجلاس ۵ دسمبر کو بنارس میں ہوگا

دہلی ۲۵ نومبر۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ صدر مرکزیہ جمعیۃ علماء ہند نے کچھ اہم مسائل پر غور کرنے کے لئے ورکنگ کمیٹی کا اجلاس ۵-۶ دسمبر ۱۹۴۸ء کو بنارس میں طلب فرمایا ہے۔

حضرات اراکین کی خدمت میں ایجنڈا جاری کردیا گیا ہے اور ان سے استدعا کی گئی ہے کہ اس اجلاس کی اہمیت کے پیش نظر تمام اعذار پر شرکت اجلاس کو مقدم فرمائیں اور اپنی تشریف آوری کی تاریخ اور وقت سے مولانا محمد اسحاق صاحب [illegible] بنارس کو مطلع فرمائیں۔

۲۰ جرمن جاسوسوں کی گرفتاری

[illegible]

علیگڑھ یونیورسٹی کی اعزازی ڈگریاں

[illegible]

قاسم رضوی کا مقدمہ تلنگانہ میں شروع ہوگا

[illegible]

جاپان کے مجرموں کو پھانسی

[illegible]

چینی حکومت کی ایک اور کامیابی

[illegible]

ہندوستانی کو قومی زبان قرار دینے کیلئے مجلس دستور ساز سے اپیل
سرکردہ مسلمانان ہند کی جانب سے ہندوستانی پرچار سبھا کے مطالبہ کی حمایت

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۲۵ نومبر۔ "ہندوستانی کو ملک کی قومی زبان اور دیوناگری رسم الخط کو پہلی سرکاری اور اردو رسم الخط کو ثانوی حیثیت میں تسلیم کرنے کے لئے" ہندوستانی پرچار سبھا نے جو اپیل ممبران مجلس دستور ساز سے کی تھی ہندوستان کے تقریباً ساٹھ سرکردہ مسلمانوں نے حمایت کی ہے۔

[illegible]

بمبئی کے قیامت خیز طوفان میں کئی جہاز غرقاب ہوگئے
مکانات منہدم ہوگئے، کشتیاں ڈوب گئیں، بہت سے آدمی ہلاک و زخمی ہوئے

بمبئی ۲۵ نومبر۔ [illegible]

حکومت ہند کو کشمیر میں جنگ بند کرنے کا حق حاصل ہے

[illegible]

حیدرآباد کے سوال پر کوئی توجہ نہیں کی جائیگی
مجلس تحفظ کے رویہ پر سرکاری حلقوں میں تعجب کا اظہار

نئی دہلی ۲۵ نومبر۔ [illegible]

نئی وزارت پر اعتماد
فرانس پارلیمنٹ میں ووٹ

[illegible]

روس اپنے حق تنسیخ کو نہیں چھوڑ سکتا

[illegible]

کوہ نور خضاب نمبر ۵۷ بالوں کو قدرتی جیسا سیاہ کرتا ہے۔ ہر جگہ ملتا ہے

جمعیۃ علماء کی سرگرمیاں

مولانا شاہد فاخری کی اپیل ——— سنبھل میں جلسہ
سرونج میں ممبرسازی ——— بھاگلپور مدارس
——— کی تنظیمی کمیٹی کی تجاویز ———

ہفتہ جمعیۃ کو کامیاب بنایئے
مولانا شاہد فاخری کی اپیل

الہ آباد (بذریعہ ڈاک) مولانا شاہد فاخری صدر صوبہ جمعیۃ علماء یوپی نے ہفتہ جمعیۃ کے پروگرام کو کامیاب بنانے کے لئے پرزور اپیل کرتے ہوئے فرمایا کہ صوبہ جمعیۃ ... تنظیمی کمیٹی نے یوپی میں ہفتہ جمعیۃ منانے کے لئے جس قدر شاندار پروگرام بنایا ہے اس سے مجھ کو بہت مسرت ہوتی ہے۔ میری تمام کارکنان عہدیداران وفود داران جمعیۃ سے پرزور درخواست ہے کہ وہ ہفتہ جمعیۃ کی اہمیت کو پوری طرح محسوس کریں اور اس ہفتہ میں اس قدر جمعیۃ کا کام کیا جائے کہ تمام سابقہ ریکارڈ پر فوقیت لیجائیں ابتدائی ممبرسازی اور علم جلسہ اور خاص پروگرام ہونا چاہیئے امید ہے کہ تمام ذمہ دار تنظیمی کمیٹی اس عظیم الشان پروگرام کو اس کے شایان شان بنائیں گے۔

ساتھ ہی رہنمایان جمعیۃ سے بھی درخواست کرونگا کہ اس پروگرام کو اپنی تمام مصروفیات پر مقدم رکھکر ... فرمائیں۔

سنبھل میں جمعیۃ علماء کا جلسہ

سنبھل (بذریعہ ڈاک) ۱۰ نومبر کو بعد نماز جمعہ مسجد روضہ دیپا سرائے میں زیر صدارت مولانا سلطان احمد صاحب جلسہ ہوا۔ صدر صاحب نے افتتاحی تقریر میں جمعیۃ کے نظام کو مضبوط بنانے اور جمعیۃ کے ممبر بننے کی اپیل کی۔ مولانا محمد اسحاق سنبھلی نے جمعیۃ کی خدمات بیان کرتے ہوئے ہفتہ جمعیۃ کو کامیاب بنانے اور جمعیۃ علماء کو زیادہ سے زیادہ منظم و مضبوط کرنے کی اپیل کی جس سے حاضرین بہت متاثر ہوئے اور تقریبا تمام حضرات نے اپنی خدمات جمعیۃ کے لئے پیش کردیں۔

آئندہ جمعہ کو چوک کے میدان میں جلسہ کا پروگرام مرتب کیا گیا ہے جس میں باہر سے جمعیۃ کے کسی رہنما کو مدعو کیا جائے گا۔

سنبھل میں ممبرسازی بہت زور شور سے ہو رہی ہے امید ہے کہ سابقہ کے تمام ریکارڈ ... اس سال کی ممبرسازی فوقیت لے جائے گی۔

جمعیۃ علماء سرونج کی ممبرسازی

۱۰ نومبر ۱۹۴۸ء ... مولانا حافظ عبدالمجید صاحب صدر جمعیۃ کی زیر صدارت مجلس منتظمہ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں عمائد سرونج بھی شریک تھے ... جمعیۃ علماء کی ممبرسازی کے لئے ... حلقوں میں تقسیم کیا گیا ... ہر حلقہ میں ... مقرر کئے جائیں ... کا کام گرمجوشی کے ساتھ شروع کر دیا جائے۔

پہلا اجتماع مسجد کنگراں میں

۱۱ نومبر ... مولانا ... صاحب نائب صدر نے ... جمعیۃ کی ضرورت اور اہمیت کو بیان کی ... کی اپیل کی۔

اس حلقہ کے ذمہ دار منشی اکبر محمد صاحب وکیل اور منشی محمد اکبر صاحب وکیل اور منشی محمد شبیر خاں صاحب ... عبدالرحیم صاحب، منشی عبدالغفار خاں صاحب ... مقرر کئے گئے ... ممبرسازی کا کام گرمجوشی کے ساتھ شروع کر دیا گیا۔

ممبرسازی کا دوسرا اجلاس مسجد ... میں ...

اس حلقہ کے ذمہ دار منشی عبدالعزیز صاحب اور منشی ... محمد صاحب ... تاجر محمد اسحاق صاحب ... معاون مقرر کئے گئے۔ حلقہ ... کا کام بھی ... سے شروع کر دیا گیا۔

جمعیۃ علماء ضلع بھاگلپور کی
مدارس کی "تنظیمی سب کمیٹی" کی تجاویز

بھاگلپور (بذریعہ ڈاک) مدارس اسلامیہ عربیہ کی کل ہند تنظیم کے سلسلہ میں مرکزی تنظیمی سب کمیٹی کے ... مولانا عبدالحلیم صدیقی اور مولانا قاضی سجاد حسین صاحب کے ... بیان کے بعد ضلع بھاگلپور کے مدارس کی تنظیمی ... سب کمیٹی نے ... نومبر ۱۹۴۸ء کو ... اجلاس منعقد ... تجاویز پاس کی ہیں ...

(۱) مدارس اسلامیہ ضلع بھاگلپور کی تنظیمی کمیٹی کا یہ پہلا اجلاس آزاد ہندوستان میں دینی عربی مدارس کی ... ترقی اور طلباء کی صحیح اسلامی تربیت کے پیش نظر ... سمجھتا ہے کہ مدارس عربیہ ... تعلیم کی تربیت حضرات ... اجلاس ہذا جمعیۃ علماء ہند کی مرکزی تعلیمی سب کمیٹی سے ... کرتا ہے ...

(۲) مدارس اسلامیہ ضلع بھاگلپور کی تنظیمی کمیٹی کا یہ اجلاس ... مدارس کی کل ہند تنظیم کے پیش نظر یہ ضروری سمجھتا ہے کہ مدارس دینیہ میں ... جاری کیا جائے۔

(۳) موجودہ حکومت کے بہت سے اصلاحی اور تعمیری ... مدارس اسلامیہ ضلع بھاگلپور کی تنظیمی کمیٹی کا یہ اجلاس ... مرکزی ... مدارس ... کیا جائے۔

یہ اجلاس جمعیۃ علماء ہند کی تعلیمی سب کمیٹی سے درخواست کرتا ہے ... مدارس اسلامیہ عربیہ کی کل ہند تنظیم ... مرکزی مدارس کا انتخاب کرکے ... داخل ہونے کا موقع دے۔

جمعیۃ علماء اجمیر کے عہدیداران

جمعیۃ علماء اجمیر کے عہدیداران کے ناموں کی اشاعت میں کچھ غلطی ہوگئی تھی لہذا دوبارہ شائع کیا جاتا ہے۔

سید حسین صاحب — صدر
مشتاق احمد صاحب — جنرل سیکرٹری
مختار احمد خاں صاحب — سیکرٹری

صوبہ بمبئی میں جمعیۃ علماء کی تنظیم

... جمعیۃ علماء کے عہدہ داران ... بمبئی ... کوششیں ...

مجلس آئین ساز نے گئوکشی روکنے کا اصول منظور کرلیا
اکثریت اپنے ارادوں کا صاف صاف اعلان کرے۔ مسٹر لاری کا مطالبہ

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۱۶ نومبر۔ مجلس آئین ساز میں کل گئے اور دوسرے کارآمد مویشیوں کے ذبیحہ کو روکنے کے متعلق پنڈت ٹھاکر داس بھارگو نے ایک ترمیم پیش کی ... پنڈت بھارگو نے ... گئوکشی ... مہاتما گاندھی ...

اقلیتوں کا پیغام

ڈاکٹر امبیڈکر کا جواب

مسٹر لاری کی تقریر

نئی دفعہ

صاف فیصلہ کیجئے

محمد سعد اللہ

اپنے مذہب کی خدمت کرو
آریہ سماج میں ... کی تقریر

اسلحہ کی خریداری

حصہ بانٹ اور الگ ہونے کی بات منہ پر لانا چھوڑ دو
ٹنڈن جی نے سکھوں کو خبردار کردیا

الہ آباد ۱۶ نومبر۔ اگر سکھ ... چاہتے ہیں تو انہیں چاہیئے کہ وہ حصہ بانٹ اور الگ ہونے کی بات منہ پر لانا چھوڑ دیں ...

کرم کش ادویات کا محصول سے استثنا

نئی دہلی ۱۶ نومبر۔ حکومت ہند نے تجربہ کے طور پر ... سال کے لئے ... کرم کش ادویات ... کو محصول سے مستثنیٰ قرار دیا ہے ...

چیانگ کی شکستوں سے برطانیہ کے پیٹ میں درد ہونے لگا
مسٹر بیون نے چھٹی منسوخ کردی۔ چین سے اہم رپورٹ کا انتظار

لندن ۱۶ نومبر۔ سمجھا جاتا ہے کہ آئندہ ۴۸ گھنٹوں کے اندر چین سے برطانوی ڈپلومیٹک نمائندوں کی طرف سے ... اہم رپورٹ موصول ہوگی ... برطانوی وزیر خارجہ مسٹر بیون ... ہفتہ ... چھٹی ... منسوخ کر دی ...

آئندہ جنگ زمین کے نیچے ہوگی

لندن ۱۶ نومبر۔ ایک فوجی مبصر نے آئندہ جنگ کے موضوع پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے ... آئندہ جنگ زمین کے اندر لڑی جائیگی ...

شاہ سیام کے قتل کا مقدمہ
۶۰ سالہ نرس کی شہادت

بنکاک ۱۶ نومبر۔ جون ۱۹۴۶ء کو سیام کے بادشاہ آنند کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا اس سلسلہ میں مرحوم کے سابق سکرٹری ... کے خلاف مقدمہ کی سماعت ہو رہی ہے۔

پیکنگ یونیورسٹی کے
ہندوستانی طالب علم

ربڑ خریدنے کیلئے روس کی کوششیں

فیلڈ مارشل سمٹس کی تقرری

کیپ ٹاؤن ۱۶ نومبر۔ جنوبی افریقہ کے سابق وزیر اعظم فیلڈ مارشل سمٹس ...

ڈاکٹر کرشنا جے دادہ ... یونیورسٹی ...

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۲۷ نومبر ۱۹۴۷ء

آخری مہلت

آج ہندوستان کے ساڑھے چار کروڑ مسلمانوں کی حالت بھی عجیب ہے، انہیں دیکھ کر افسوس بھی ہوتا ہے اور غصہ بھی آتا ہے۔ افسوس اسلئے ہوتا ہے کہ ایک ایسی ملت جو بہترین روایات کی سرمایہ دار ہے وہ روز بروز ذہنی اور مادی اعتبار سے پستی میں گرتی چلی جارہی ہے اور اسے محسوس ہو رہا ہے کہ اس کی خودی اور خودداری کے لئے پناہ کی کوئی جگہ نہیں رہی ہے صرف ہم کو بلکہ ہر اس محب وطن کو افسوس ہونا چاہیے جو ملک کے مجموعی اخلاق کی گیرائی اور زندگی کے باہمی ربط و تعلق سے واقفیت رکھتا ہے۔ اور جس کا یقین ہے کہ آبادی کے ایک حصہ کا اپنے حقوق سے گرنا دوسرے حصہ کے لئے نیک فال نہیں ہوسکتا غصہ اسلئے آتا ہے کہ انہوں نے اپنی تباہی سے کوئی عبرت حاصل نہیں کی، واقعات پر واقعات پیش آئے، حوادث پر حوادث نازل ہوئے، امتحان پر امتحان لئے گئے مگر ان کی وضع میں فرق نہیں آیا جن اسباب کی بنا پر انکا قومی مزاج فاسد ہوچکا اور جن کمزوریوں نے انہیں اس حالت کو پہنچایا وہ بدستور اپنی جگہ موجود ہیں اور ان سے گلو خلاصی کی اب تک کوئی تدبیر نہیں سوچی گئی جو شخص جس پگڈنڈی پر چل رہا تھا، اسی پر آج بھی دوڑ رہا ہے، اور سمت بدلنا تو کجا وہ ٹھہر کر اور سانس لے کر یہ بھی نہیں سوچتا کہ وہ کہاں جارہا ہے، کس لئے جارہا ہے اور کس طرف جارہا ہے۔

غور کیجئے، پندرہ اگست سے پہلے مسلمانوں کی جو حالت تھی، کیا اس میں اب کوئی تغیر واقع ہوا، دوسروں کو مدد دیکھئے، خود گریبان میں گردن جھکا کر اپنے آپ سے اس سوال کا جواب لیجئے، اور کچھ ایسی باتیں بتایئے جو پہلے تو موجود تھیں مگر اب نہیں ہیں، یا پہلے موجود نہ تھیں مگر اب پیدا ہوگئیں کیا مزاج اور اخلاق میں کوئی تبدیلی واقع ہوئی کیا [illegible]

[illegible]

کوئی مناسبت نہیں، اسلام نے اپنے پیروں کو کبھی دھوکہ نہیں دیا، اس نے کبھی اجازت نہیں دی کہ کوئی مسلمان حوادث روزگار سے گھبرا کر موت سے پہلے اپنے اوپر ہزار قسم کی موتیں وارد کرلے، جس دل و دماغ میں اسلام کی روشنی ہوگی اور جس کو اسلام کے سانچے میں ڈھالا گیا ہو گا وہ خوف اور مایوسی سے کبھی آشنا نہیں ہوسکتا اسلام کی ڈکشنری میں مایوسی کا نام کفر ہے [illegible] مطلب ابدی ہلاکت، ذلت کا مفہوم قہر اور اضطرار کی حقیقت خودکشی ہے، جو شخص ان اوصاف کا [illegible]

[illegible]

ہے وہ اسلام کی راہ سے ہٹ جائے اور ان کے لئے راستہ صاف کردے جو موت کو دیکھ کر مسکراتے ہیں [illegible]

[illegible]

بہانہ [illegible] کیونکہ خدا کا قانون یہی ہے کہ خدا اس قوم کی حالت نہیں بدلتا جو اپنی حالت کو بدلنے اور انقلاب کرنے کی کوشش نہ کرے۔ (قرآن کریم)

[illegible]

مکرجی کا استعفیٰ

ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی وزیر صنعت ہندو مہاسبھا سے مستعفی ہوگئے ہیں اس سلسلہ میں آپ نے اپنی علیحدگی کے وجوہ پر کچھ روشنی ڈالی ہے [illegible] کوئی دلچسپی نہیں البتہ آپ کے [illegible]

اچھی باتیں

قل۔ تا۔ مجرمین۔ (پ ۲۰ ع ۲)

زمین کی سیر کرو اور سیاحت کی عادت ڈالو اور دیکھو کہ مجرموں کا انجام کیا ہوا۔

قرآن نے عبرت پذیری کے لئے مسلمانوں کو حکم دیا ہے کہ وہ اپنے گھر اور وطن سے باہر نکلیں اور خدا کی خدائی کا تماشا دیکھیں۔ باہر نکلنے ہی سے معلوم ہوگا کہ خدا کی یہ کائنات کس قدر بڑی ہے اور اس کا انتظام ایک ایسی ہستی کے ہاتھ میں ہے جو کارگاہ ہستی کی منتظم ہے۔ سیر و سیاحت سے انسان کی دانش فروغ پاتی ہے۔ دنیا کے حالات معلوم ہوتے ہیں اور قوموں کے عروج و زوال کے اسباب کا سراغ ملتا ہے۔ ہم باہر نکل کر دیکھیں کہ جو قومیں برباد ہوئیں ان کی بنیادی کمزوری کیا تھی اور کن جرائم کی پاداش میں انکا نام و نشان مٹایا گیا۔ جب ہمیں بربادی کے اسباب معلوم ہو چکے تو ہم خود ان سے بچنے کی کوشش کریں گے اور اپنے آپ کو تعمیر کے قابل بنائیں گے۔ اسلام نے فریضہ حج اسلئے مقرر کیا ہے کہ مسلمانوں کی سیر و سیاحت کی مشق ہو اور وہ اپنے مشاہدات و تاثرات سے اپنی ملت کو آگاہ کریں۔

جمعیۃ علماء کے متعلق اہم معلومات

ٹیکسی ڈرائیور ... کی شہادت کا ذکر کرتے ہوئے مسٹر دفتری نے کہا کہ اس کی شہادت سے بڈگے کے اس بیان کی تائید ہوتی ہے۔

لنچ کے بعد کی کارروائی

لنچ کے بعد مسٹر دفتری نے ... مہاراج کی شہادت ... [illegible]

کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ آپٹے اور کرکرے کو اچھی طرح جانتا تھا ... [illegible]

... کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے ... [illegible]

دارالسلطنت
۱۰ دسمبر

چوری اور جیب کترنی کی وارداتیں

ایک جیب کترا ... ایک شخص کی جیب کترنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔

— ایک آدمی جو اپنے دوست کے ہمراہ رہتا تھا اس نے پولیس کو اطلاع دی ہے کہ اس کا دوست ... روپے لے کر فرار ہو گیا۔

— کشمیری گیٹ سے ایک شخص نے پولیس کو مطلع کیا ہے کہ ... اس کے کپڑے اور زیورات لے کر فرار ہو گیا۔

— ... ایک شخص ... بجلی کے بلب چراتے ہوئے عین وقت پر پکڑا گیا۔

— دہلی ریلوے اسٹیشن کے پلیٹ فارم نمبر ... ایک شخص ایک پارسل چرانے کی کوشش کرتا ہوا گرفتار ہوا۔

— دہلی پولیس نے تین آدمیوں کو ناجائز شراب ... کے جرم میں گرفتار کیا ہے۔ ان کے پاس سے ... برآمد ہوئیں۔

... [illegible]

... کا ایک بکس چرا لیا گیا۔

قانونی کمیٹی کا ضروری اعلان

۱۔ فخر الدین ... مکان ۷۵۹، ۷۶۰، ۷۶۱ ... [illegible]

... [illegible]

جمعیۃ علماء ہند دہلی۔

تعلیم سے محرومی

دہلی کے سات اسکولوں میں ... [illegible]

... [illegible]

پوسٹ اینڈ لوئر گریڈ یونین کا اجلاس

نئی دہلی ۹ دسمبر۔ آل انڈیا پوسٹ مین اینڈ لوئر گریڈ اسٹاف یونین کی ورکنگ کمیٹی کا ایک اجلاس ... [illegible]

... وزیر اعظم پنڈت نہرو سے ملاقات کریگا۔

دوسرے صوبوں سے ... [illegible]

... پیش ہو رہی ہے۔

سائیکل سوار مجروح

کشمیری گیٹ پر ایک سائیکل سوار موٹر کی ٹکر سے سخت مجروح ہو گیا۔ ڈرائیور گرفتار کر لیا گیا۔

۱۱ نئے اسکول

دہلی کے شہری ... [illegible]

... [illegible]

نہرو کو وزیر خارجہ آئرلینڈ کا تار

نئی دہلی ۹ دسمبر۔ ... [illegible]

... [illegible]

جے پرکاش نرائن کا بیان

... [illegible]

پنڈت نہرو سے ملاقات

نئی دہلی ۹ دسمبر۔ آج ٹراونکور کے وزیر اعظم ... پنڈت جواہر لال نہرو سے ملاقات کی ... [illegible]

مسٹر مینن کا عزم جبلپور

نئی دہلی ۹ دسمبر۔ حکومت ہند کے ریاستی ... [illegible]

... [illegible]

... ملاقات کریں گے۔

(انگلستان)

واشنگٹن ۹ دسمبر۔ صدارتی انتخاب کے بعد ... [illegible]

تپ دق کا آخری علاج

کیلسو

KELSO

WONDERFUL FOR TUBERCULOSIS

... [illegible]

... [illegible]

ACUTE PHTHISIS

کیلسو کیمیکل ورکس صدر بازار دہلی

KELSO CHEMICAL WORKS. SADAR BAZAR DELHI

ایک مفکر اہل قلم

(سعید احمد اکبر آبادی)

جس نے تصنیف و تالیف کی نئی روح اور عظیم راہیں پیدا کی ہیں جس نے موشگافیوں کے جدید و حسین اور انوکھے انداز پیش کئے ہیں

جو — خود بھی مشرقی و مغربی علوم کا یکساں ماہر ہے

اور

جس نے مشرقی و مغربی علوم کے امتزاج سے تصنیفی سوجھ بوجھ کے لازوال نقش ثبت کئے ہیں

اس کے نئے انداز فکر + نئے اسلوب بیان + اور نئی طرز تحریر

کو ذیل کی چار اہم کتابوں میں ملاحظہ فرمائیے

• مسلمانوں کا عروج و زوال مجلد ۵
• غلامان اسلام ... ۶
• فہم قرآن ...
• اسلام میں غلامی کی حقیقت ...

حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم تک

جن انبیاء کرام کا ذکر قرآن پاک میں آیا ہے ان کے مستند سوانح حیات

اور ان کے متعلق قصص قرآنی کی مکمل تشریح و توضیح جو بجائے خود کلام الٰہی کے ایک بڑے حصہ کی محققانہ تفسیر ہے

حضرت مولانا

حفظ الرحمن صاحب سیوہاروی

کی

ایک بے نظیر تالیف لطیف

قصص القرآن

حصہ اول مجلد	...	حصہ دوم مجلد	...
حصہ سوم مجلد	...	حصہ چہارم مجلد	...

ملنے کا پتہ :- الجمعیۃ بک ڈپو۔ گلی قاسم جان، بلیماران دہلی

شاہ دولہ کے چوہے

کیا آپ نے ایسے لوگوں کو دیکھا ہے ... [illegible]

معجون شباب آور کے استعمال سے پہلے

معجون شباب آور کے استعمال کے بعد ...

... [illegible]

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری، دہلی

ہمدرد

سنگھیوں کی شر انگیز سرگرمیوں سے ہوشیار رہو

نائب وزیر اعظم کشمیر کا عوام کو سخت انتباہ

جموں ۴ دسمبر۔ بخشی غلام محمد نائب وزیر اعظم کشمیر نے گذشتہ شب ایک جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے عوام کو خبردار کیا کہ وہ سنگھ کی شر انگیز سرگرمیوں سے ہوشیار رہیں۔ یہ لوگ پاکستان کے آلہ کار بن کر کام کر رہے ہیں اور ایک طرح سے حملہ آوروں سے بھی زیادہ خطرناک ہیں۔

بخشی صاحب نے منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کو شدید انتباہ کیا کہ ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

آپ نے کہا کہ سر ظفر اللہ کے جنگ بازانہ اعلانات اور دھمکیوں کے باوجود کشمیر پاکستان کے لئے ایک ناقابل حل مسئلہ ثابت ہوا ہے۔ عوام کی ہمت کو ختم کر دے گا۔ مجھے یقین ہے کہ ہندوستان اور پاکستان پھر ایک مرتبہ متحد ہوں گے کیونکہ ایک ملک کو تقسیم نہیں کیا جا سکتا۔ علاوہ ازیں ملک کی تقسیم بہت غیر قدرتی ہے۔

پولیس خدمت کے جذبہ سے کام کرے

پنڈت پنت کی تقریر

الہ آباد ۴ دسمبر۔ وزیر اعظم پنڈت پنت نے کل پولیس ٹریننگ کالج مراد آباد کے ٹریننگ کا کورس پورا کرنے والے کیڈٹوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ...

شام میں حالات نازک ہو گئے۔ پورے ملک میں مارشل لا کا نفاذ

شامی باشندے فلسطین میں جنگ جاری رکھنا چاہتے ہیں

دمشق ۴ دسمبر۔ گذشتہ شب بی بی سی سے ایک اطلاع نشر کی گئی کہ شام کے پورے ملک میں مارشل لا نافذ کر دیا گیا ہے۔ یہ مارشل لا چار روز کے ہنگاموں اور ہڑتال کے بعد نافذ کیا گیا ہے۔

جمیل مردم بے کی وزارت مستعفی ہو چکی ہے اور ملک میں ابھی تک کوئی دوسری حکومت نہیں بن سکی۔ سابق صدر ہاشم بے سے نئی حکومت بنانے کو کہا گیا تھا لیکن دو نوں بڑی پارٹیوں کی متفقہ مسلسل کے باوجود انہوں نے وزارت بنانے سے انکار کر دیا ہے۔ اور عوام حکومت کی فلسطینی پالیسی کے خلاف سخت غصہ کا اظہار کر رہے ہیں اور یہودیوں کے خلاف پھر دوبارہ جنگ شروع کرنے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔

...

برمیوں کے ہند میں داخلہ پر پابندی

نئے سال سے پاسپورٹ لینا ہوگا

...

یوگوسلاویہ کے ساتھ تجارتی گفت و شنید

...

یو۔پی اسمبلی کے اجلاس پر ایک نظر

اسمبلی کی کارروائی سے اراکین کی عدم دلچسپی

...

اسرائیل کی درخواست ملتوی

پیرس ۴ دسمبر۔ مجلس تحفظ کی خبر شائع ہوئی ہے کہ حکومت اسرائیل کی اقوام متحدہ کا ممبر بننے کی درخواست پر غور ہوا۔ لیکن اس درخواست کو اس وقت تک کے لئے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ جب تک کہ کمیشن فلسطین پر اپنی بحث کو ختم نہ کر دے۔

پل بنگش پر مشاعرہ

...

ضلع رہتک میں شراب بندی کا پروپیگنڈہ

...

نوٹس

...

وزیر اعظم مشرقی بنگال کا بیان

...

گاندھی جی کا قد آدم مجسمہ

...

سی۔پی میں کپڑے کا راشن نہیں ہوگا

...

فلسطین کو منی آرڈر بھیجنا بند

...

پاکستان اور ہندوستان میں جنگی قیدیوں کے تبادلہ کا سمجھوتہ

...

پولیس اور عوام کا جھگڑا

متعدد اشخاص زخمی ہو گئے

...

مارشل پیٹیاں رہا کر دیئے گئے

...

گاندھی جی کے قتل کا مقدمہ

ملتوی ہو گیا

...

ملک کی بے چینی دور نہیں ہوئی

ڈاکٹر رادھا کرشنن کی تقریر

...

مشرقی بنگال کی غذائی صورت حالات بہتر ہو گئی

چاول کی قیمتیں کم ہو گئیں، مزید کمی کی امید

...

عرق رحمانی

... ڈاکٹر قاری عزیز الرحمن درویشی فارمیسی ... بولائی ... کلکتہ

طاقت کے چھوہارے

... منیجر شاہی مطب ... جامع مسجد دہلی

نمونہ مفت۔ بالکل مفت

... دلاس فارمیسی فراشخانہ دہلی

ریڈ ٹیم پلز

دل و دماغ، معدہ، جگر اور گردوں کو طاقت پہنچا کر اچھا خون پیدا کرنے میں اپنا نظیر نہیں رکھتیں، عمر رسیدہ بھی نوجوان بن سکتے ہیں۔ چالیس گولیوں کی قیمت دو روپے آٹھ آنے

دواخانہ لقائی چتلی قبر دہلی

رجسٹرڈ ڈی نمبر ۹

قائم شدہ سنہ ۱۹۲۵ء

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

الجمعیۃ

ید اللہ علی الجماعۃ

ایڈیٹر: محمد عثمان فارقلیط

قیمت سالانہ
۴۰ روپے
ششماہی ۲۰ روپے
سہ ماہی گیارہ روپے

تار کا پتہ: الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۳۰ | دہلی یوم بدھ ۵ صفر المظفر سنہ ۱۳۶۸ھ مطابق ۸ دسمبر سنہ ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۶۸ | بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنے

ایسا نہ کیجئے

وی۔ پی منگا کر واپس کر دینا قانونی اخلاقی اور مذہبی جرم ہے۔ آپکی طلب پر وی۔ پی پہونچے تو اسے ضرور وصول فرمائیے۔ منیجر الجمعیۃ دہلی

دستور ساز اسمبلی میں ایک مرتبہ پھر پرسنل لا کے مسئلہ پر بحث

ایک ممبر کے اعتراض کے باوجود مسٹر اسمٰعیل کو اپنی ترمیم پیش کرنے کی اجازت مل گئی

مذہبی آزادی اور مذہبی تبلیغ کے متعلق دلچسپ تقریریں

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

نئی دہلی ۷ دسمبر آج دستور ساز اسمبلی میں پرسنل لا کے مسئلہ پر بحث ہوئی جب کہ مسٹر محمد اسمٰعیل (مدراس) نے بنیادی حقوق کی دفعہ ۱۹ میں اپنی ترمیم پیش کی ... کا پورا متن الجمعیۃ کی پرسوں کی اشاعت میں شائع کیا جا چکا ہے۔ جس وقت مسٹر اسمٰعیل اپنی ترمیم پیش کرنے کے لئے کھڑے ہوئے تو مسٹر ... نے اعتراض کیا کہ رہنمائی کے اصولوں کے تحت ... سول کوڈ ہوگی۔ اس لئے اگر اس ترمیم کو پیش کرنے کی اجازت دی گئی تو رہنمایانہ اصولوں کی خلاف ورزی ہوگی۔

مسٹر محمد اسمٰعیل نے جواب میں کہا کہ اس سے قبل ... [illegible]

[illegible]

شاہ جارج کی علالت

لندن ۷ دسمبر بکنگھم ... وزیر اعظم مسٹر ایٹلی ... شاہ جارج کی صحت کے بارے میں ... [illegible]

شام میں وزارتی الجھن

ہاشم بے کا وزارت بنانے سے انکار

دمشق ۷ دسمبر ... [illegible]

مغربی طاقتوں کی بون کی ...

اسپیشل کمیٹی کے اجلاس میں غور و خوض

[illegible]

ہند اور پاکستان میں سب سے اہم کانفرنس آج سے شروع

دونوں حکومتیں دوستانہ سمجھوتہ کیلئے بیچین ہیں!

کانفرنس کے فیصلوں پر دونوں ملکوں کی شہرت کا انحصار

نئی دہلی ۷ دسمبر آج سے ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کانفرنس شروع ہو رہی ہے ... [illegible]

ڈچ اور انڈونیشیا کی مصالحتی گفت و شنید ناکام رہی

انڈونیشیا کی گوریلا دستوں اور ڈچ فوجوں میں تصادم

[illegible]

مغربی برلن میں انتخابی جھگڑے

برلن ۷ دسمبر ... [illegible]

طالبعلموں کا پولیس پر حملہ

ایک پولیس افسر ہلاک دوسرا زخمی

[illegible]

پینگپو کے قریب سرکاری فوجوں کی کامیابی کی اطلاعات

کمیونسٹ فوجیں پیچھے ہٹنے پر مجبور ہو رہی ہیں!

[illegible]

حیدرآباد سے پٹھانوں کا اخراج

حیدرآباد ۷ دسمبر ... [illegible]

برلن کیلئے واحد مشترکہ انتظامی ادارہ ناممکن ہو گیا ہے

مغربی حکومتوں کا مجلس تحفظ کے اراکین کو خط۔ روس پر الزام

[illegible]

(باقی صفحہ ۶ پر)

یونانی وزیر اعظم نے کام شروع کر دیا

[illegible]

کحل بقائی — دہلی کے مشہور آنکھوں کے معالج خاندان بقاوالوں کی مایۂ ناز ایجاد۔ آنکھوں کی تمام شکایات کے لئے اکسیر اور آنکھوں کا محافظ۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ۔ دواخانہ بقائی پنکھلی قبر دہلی

فرقہ پرست سیاست کیخلاف سردار پٹیل کا انتباہ

راشٹریہ سیوک سنگھ سے اپنا نقطۂ نظر بدلنے کی اپیل
مسلمانوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی تلقین

گوالیار، دسمبر۔ گوالیار کے ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے سردار پٹیل نائب وزیراعظم نے ۔۔۔۔۔ کہا کہ ان مسلمانوں کے ساتھ جو ہندوستان کے وفادار ہیں ہمیں بھائیوں جیسا سلوک کرنا چاہئے اگر کسی شخص نے یہ سمجھا کہ اسے مسلمانوں کو پریشان کرنے یا ستانے کی آزادی حاصل ہے تو ہم نے جو آزادی حاصل کی ہے وہ بے نتیجہ ہو کر رہ جائے گی۔

سردار پٹیل نے سنگھیوں کو متنبہ کیا کہ انہیں اپنا نقطہ خیال بدل دینا چاہئے۔ سنگھیوں کو سمجھ لینا چاہئے کہ حکومت امن و آشتی کے خلاف کسی چیلنج کو منظور نہیں کر سکتی۔ آپ نے کہا مجھے معلوم ہوا ہے کہ بہت سے سنگھی منتشر کرنا چاہتے ہیں میں انہیں متنبہ کر دینا چاہتا ہوں کہ اس قسم کے چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لئے ہمارے پاس پوری قوت موجود ہے

ہندو مہاسبھا کے متعلق انہوں نے کہا کہ جب مہاتما گاندھی کو قتل کیا گیا تو ہندو مہاسبھا کے حوصلے پست ہو گئے تھے۔ اس نے محسوس کیا کہ جس راستہ پر وہ گامزن ہے وہ تباہی کا راستہ ہے اور اس نے سیاست سے الگ رہنے کا فیصلہ کیا۔ لیکن اب دس ماہ گزر جانے کے بعد وہ اپنے پروگرام کو پھر بدل رہا ہے۔ اور سیاست میں حصہ لینا چاہتا ہے یہ طے کر چکے ہیں کہ فرقہ وارانہ جماعتیں سیاست میں حصہ نہیں لیں گی۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ سماجی معاملات کے دروازے ہم دیگر جماعتوں کے لئے بند کر رہے ہیں۔ بلکہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ان معاملات میں سیاسی حیثیت سے فرقہ وارانہ حیثیت سے نہیں۔

ریاستوں کے متعلق

ریاستوں کے متعلق سردار پٹیل نے کہا کہ تقسیم ہند کے بعد ہندوستان کی ایک بڑی حیثیت ہے۔ اسے متحد کرنا ہمارا سب سے پہلا کام تھا۔ سرچھ سو ریاستوں کے حکمرانوں کو یہ بتانا تھا کہ ان کی حب الوطنی کا تقاضا کیا ہے مجھے خوشی ہے کہ انہوں نے ملک کی آواز پر لبیک کہا۔ اور حیدر آباد ۔۔۔ آج پچھتا رہے ہیں۔ آپ لوگوں نے جو ناگڑھ اور حیدر آباد کا حال دیکھ لیا ہے ہم نے صاف طور پر کہہ دیا تھا کہ جو ملک کے وفادار نہیں ان کو یہاں گنجائش نہیں ملنا چاہئے۔

یہ کہتے ہوئے کہ ہندوستان کشمیر کے مسئلہ کو حل [illegible] ۔۔۔ اور دہ کسی ملک کے خلاف جارحانہ اقدام کرنا نہیں ۔۔۔ سرحد پار اپنے بھائیوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ وہ انتہائی ترقیاں کر سکتے ہیں۔ نہ ہمیں ان کی دولت کا لالچ ہے نہ ان کی جائداد اور نہ ان کے علاقوں سے ہمیں سروکار۔ نہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ وہ ہمارے ساتھ شامل ہو جائیں۔ اگر وہ ہمارے ساتھ شامل ہونا بھی چاہیں تو بھی ہم ان کو اپنے ساتھ شامل نہیں کر پائیں گے۔ اور ہم ان سے یہی کہیں گے کہ وہ جہاں ہیں وہیں رہیں۔ یہاں تک کہ وہ مطمئن ہو جائیں اور خود یہ محسوس کریں کہ وہ ہمارے ساتھ شامل ہو سکتے ہیں یا نہیں۔

نائب وزیراعظم نے کمیونسٹوں کی سرگرمیوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ لوگ جرائم کے ذریعہ ہندوستان میں ایک غیر ملکی نظام کو داخل کرنا چاہتے ہیں۔ کانگریس گورنمنٹ پر تنقید کرنے والوں کو جواب دیتے ہوئے نائب وزیراعظم نے کہا کہ اس حکومت پر یہ الزام عائد کیا جاتا ہے کہ وہ مسلمانوں کی طرف دار ہے۔ یہ خیال زیادہ تر ہندو مہاسبھا راشٹریہ سیوک سنگھ اور اسی قسم کی جماعتوں کا ہے۔ یہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ کانگریس حکومت نے ابھی تک کچھ نہیں کیا۔ حالانکہ اس پر بھی ہے کہ تنزل حیدر آباد کے واقعات سے ہو جاتی ہے کہ تنقید کرنے والوں کا خیال ہے کہ شاہزادوں سے فنان حکومت بھی خان کر کے کرسیوں پر بٹھا دیا جائے۔ ہم ایسے غدار نہیں ہیں جیسا کہ وہ خیال کرتے ہیں ہم نے فیصلہ اس لئے نہیں اٹھایا ہے کہ ہندوؤں کی قیمت پر مسلمانوں کو خوش کریں۔ صرف یہ لوگ ہی ہندو نہیں ہیں۔ ہم بھی ہندو ہیں۔

سیاسی مقاصد کے لئے تشدد کے استعمال کی مذمت کرتے ہوئے سردار پٹیل نے کہا کہ جو لوگ تشدد میں یقین رکھتے ہیں وہ ہندوستان پر حکومت نہیں کر سکتے ہیں۔ جو لوگ تشدد سے حکومت کرنا چاہتے ہیں۔ ان کو راہ امن کا راستہ اختیار کر کے اس کے تدبر کو جھکنا چاہئے۔ [illegible]

کام نہیں کہ وہ غیر وفادار مسلمانوں کو سزا دیں۔ یہ تو حکومت کا کام ہے۔ وفادار مسلمانوں کے ساتھ بھائیوں جیسا برتاؤ ہونا چاہئے۔ اگر آپ وفادار مسلمانوں کو بھی ۔۔۔ سمجھ کر ۔۔۔ کی وجہ سے پریشان کرتے رہیں گے۔ تو پھر اس آزادی کی کوئی قیمت ہی نہیں۔

ہمیں ایسی فضا پیدا کرنا چاہئے کہ ہر شخص امن اور حفاظت سے رہ سکے ہم ہر اس معاملہ میں آپ کے تعاون کا خواستگار ہوں۔ آپ کا طرز عمل ایسا ہونا چاہئے کہ پولیس کو کسی اقدام کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔ آپ کے طرز عمل میں باہمی محبت کا رفرما ہونا چاہئے۔ تاکہ کم سے کم طاقت کے استعمال سے ہم اپنا کام چلا سکیں۔ پولیس کا کام تو جرائم پیشہ لوگوں تک محدود رہنا چاہئے اور فوج کا کام بیرونی حملہ کی مدافعت ہونی چاہئے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے اندرونی اختلافات کو دور کریں اور باہمی جھگڑوں کو ترک کر دیں۔

میں نے سنا ہے کہ ۔۔۔ راشٹریہ سیوک سنگھ کے لیڈر ۔۔۔ کہ حکومت سے کوئی جھگڑا نہیں لیکن یہ بتائے دیتا ہوں کہ ہم اس دامان میں کسی رخنہ کو برداشت نہیں کر سکتے بعض لوگ کہتے ہیں کہ گاندھی جی کے بعد اس کو ہم نے ۔۔۔ کانگریس میں شامل ہونے کی دعوت دی ہے لیکن وہ اپنے تشدد اور ۔۔۔ کے ہاتھوں کو پاک رکھنے پر تیار ہو گئے ہیں ان کو آگاہ کر دینا ہوں کہ ۔۔۔ ان کے خطرے کا مقابلہ کرنے کے لئے کافی طاقت موجود ہے۔

یہ ۔۔۔ ملک میں اس وقت زندگی کی بعض ضروریات کی سخت کمی ہے ۔۔۔ کانگریس ہر فرقے سے پرانی ریاست [illegible] ۔۔۔ کانگریس ہی وہ واحد جماعت ہے جس نے ۔۔۔ اور ریاستوں کو دستور کا پابند بنایا۔ لوگوں نے دیکھ لیا کہ ان ریاستوں کے ساتھ جھگڑا کرنے والوں کے ساتھ کیا ہوا۔ کو بھی قانون کے اصولوں پر قائم ہونا چاہئے۔

چینی کمیونسٹ کی اپیل

لندن ۵ دسمبر۔ چین کے باہر کمیونسٹ ملقوں میں کمیونسٹ لیڈر ماؤ زے تنگ کی سیاسیات اور چینی کمیونسٹوں کے مغربی ملکوں کے تعلقات کے بارے میں اپنے خیالات تبدیل کر رہے ہیں اب ملک میں چینی کمیونسٹوں کو مکمل قوم پرست تصور کرتے تھے یعنی وہ چینی پہلے ہیں اور کمیونسٹ بعد میں۔ خود ماؤ زے تنگ کے بارے میں بعض حلقے یہ خیال کرتے تھے کہ وہ مشرقی "مارشل ٹیٹو" ہے لیکن اب یہ واضح ہو گیا ہے کہ چینی کمیونسٹوں کا انقلابی نقطۂ نظر صرف چین کی حد تک ہی محدود نہیں ہے بخارسٹ میں چیغام کے ایک اخبار میں ماؤ زے تنگ نے ایک مضمون لکھا ہے کہ چین کی کمیونسٹ پارٹی روس کی کمیونسٹ پارٹی کی مثال پر بنائی گئی ہے اور اسی طرز پر وہ روز افزوں ترقی کر رہی ہے۔ ماؤ زے تنگ نے اعلان کیا ہے کہ چین میں عوام کا جمہوری انقلاب جو جو اس وقت چینی کمیونسٹ پارٹی کی زیر رہنمائی لایا جا رہا ہے بین الاقوامی اینٹی امپیریلسٹ تحریک کا ایک اہم حصہ ہے۔

ماؤ زے تنگ نے کہا کہ ہر ملک کی انقلابی طاقتوں کو چاہئے کہ وہ اس متحدہ اینٹی امپیریلسٹ محاذ کے بنانے جو کامریڈ اسٹالن کی لیڈرشپ میں روس نے قائم کیا ہے۔ چینی کمیونسٹ پارٹی نے ۔۔۔ کے بارے میں اپنی حمایت اس وقت ظاہر کی ہے جب اس نے سب سے پہلے مارشل ٹیٹو کی مخالفت کی۔ اگرچہ یوگوسلاویہ اور کمنفارم کے بحران کا چین کے ساتھ کوئی براہ راست تعلق نہ تھا۔

"سرخ چینیوں" کی ہمدردی کس کے ساتھ ہے اس کی شہادت "لندن ٹائمز" کے خاص نامہ نگار مقیم چین نے دی ہے جس نے یہ اعلان کرتے ہوئے کہ کمیونسٹ لیڈروں کو کریملن سے ہدایات ملتی ہیں۔ یہ کہا ہے کہ تمام آزاد علاقوں میں روس پرستی ہو رہی ہے اور اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ امریکہ سے نفرت روس کی جنگ کی صورت میں چینی کمیونسٹ روس کی طرف ہوں گے۔

عراق کا خبرنامہ

[illegible]

بنارس ضلع کانفرنس کا التواء

۵ دسمبر کو بنارس میں ضلع کانفرنس منعقد ہونے والی تھی۔ مگر حضرت مولانا حافظ الرحمٰن صاحب ناظم اعلیٰ جمعیۃ علماء ہند کا تار مورخہ ۴ دسمبر کو ملا کہ مجلس عاملہ کا اجلاس ملتوی کر دیا جائے۔ معلومات کیلئے میں خود دہلی آیا۔ مگر حضرت مولانا چونکہ جمشید پور تشریف لیجا چکے تھے۔ اس لئے ملاقات نہ ہو سکی۔ یہ کانفرنس ان ہی کی آمد اور مرکزی مجلس عاملہ کے اجلاس کے تحت ہونے والی تھی اس لئے اس کو بھی ملتوی کرنا پڑا۔ ضلع بنارس کے حضرات اجلاس کے لئے عنقریب تاریخ کا انتظار فرمائیں۔ انشاء اللہ ناظم اعلیٰ سے مشورہ کے بعد اس کا بہت جلد اعلان ہوگا۔

(محمد اسحاق ناظم جمعیۃ علماء بنارس)

پٹنہ میں راجن بابو کی سالگرہ

[illegible]

جے پور سیشن کی خبریں

ڈاکٹر راجندر پرشاد جے پور نہیں جائینگے

[illegible]

فرانسیسی ہند کا نمائندہ جے پور سیشن کیلئے

[illegible]

اجلاس میں شرکت کیلئے پیدل سفر

[illegible]

جے پور سیشن کیلئے تیاریاں

[illegible]

خواجہ احمد عباس کیخلاف مقدمہ واپس

[illegible]

کشمیر میں برف پڑنے لگی

سری نگر ۵ دسمبر۔ کشمیر کی وادی میں کل سے ہلکی ہلکی برف پڑنے کے ساتھ سرما کا آغاز ہوا ہے۔ [illegible]

ملا شور بازار پشاور آرہے ہیں

پشاور ۵ دسمبر۔ حضرت آغا شیر ملا شور بازار [illegible] سیاسی حلقوں کا یہ خیال ہے کہ یہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان ۔۔۔ کے لئے ہے۔

حیدر آباد میں حکومت ہند کا دوستانہ مشن

اضلاع کا دورہ اور مختلف لیڈروں سے ملاقات

حیدر آباد ۵ دسمبر۔ یہاں پانچ اشخاص پر مشتمل ایک دوستانہ مشن حیدر آباد آیا ہوا ہے۔ یہ مشن حکومت ہند کے کہنے پر ۔۔۔ حالات کا مطالعہ کرنے اور حالات پھر سے معمول پر لانے کے لئے کوشش کر رہا ہے۔ اس مشن میں پنڈت سندرلال، مولانا عبداللہ مصری، قاضی عبدالغفار اور مسٹر فرنج سیر شامل ہیں۔ یہ لوگ اضلاع کا دورہ کر رہے ہیں۔ اور مختلف فرقوں اور جماعتوں کے لیڈروں سے مل کر تبادلہ خیالات کرتے ہیں۔

اس مشن نے بہت سے پناہ گزین کیمپوں کا معائنہ بھی کیا ہے۔ مشن کے بعض ممبران نے فوجی گورنر میجر جنرل چودھری کے ہمراہ بیدر اور عثمان آباد کے اضلاع کا دورہ کیا۔ جہاں جہاں وہ گئے انہوں نے یہ دیکھا کہ ہندو اور مسلمان اچھی طرح ایک دوسرے سے مل جل کر رہ رہے ہیں۔ کچھ مقامات پر ان کو معلوم ہوا۔ کہ جو مسلمان وہاں سے چلے گئے تھے۔ وہ ابھی تک واپس نہیں آئے مشن کے ممبران نے ان مقامات کے ہندوؤں پر زور دیا کہ وہ اپنے مسلمان بھائیوں کی واپسی میں مدد کریں۔ [illegible]

لاہور میں ایک تیرہ سالہ بچہ کا سفاکانہ قتل

چاقو سے بدن پر ستر سے زیادہ زخم لگائے گئے

لاہور ۵ دسمبر۔ یہاں رام گلی ۔۔۔ ایک تیرہ سالہ لڑکے ۔۔۔ کو ۔۔۔ کے قریب بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب کسی نے سفاکی سے قتل کر دیا۔ مقتول کے جسم پر چاقو کے ستر سے زیادہ زخم ہیں۔ قاتل ابھی تک گرفتار نہیں ہو سکا۔ ۔۔۔ ہسپتال میں دم توڑنے سے قبل ۔۔۔ بیان دیا۔ ۔۔۔ [illegible]

۔۔۔ کو ایک نوجوان نے ۔۔۔ کر دیا ۔۔۔ زخمی لڑکے کو ہسپتال پہنچایا گیا۔ ۔۔۔ آفتاب احمد ۔۔۔ شریف تھا اور نہایت ۔۔۔ صورت و سیرت کا مالک تھا۔ ۔۔۔ اس کا کوئی پتہ نہیں چل سکا۔ ۔۔۔ قتل کی تہہ میں کار فرما ہیں۔

جوانی کو ایکدم واپس لے آنیوالی تین چیزیں

اکسیر رجسٹرڈ موتی، مونگا، سلاجیت، فولاد، مشام، جڑی بوٹیاں اس میں شامل ہیں جو ۔۔۔ اکسیر دنیا کی سب سے بڑی کامیاب دوا ہے قیمت فی شیشی ۔۔۔

جیون رجسٹرڈ رگوں میں نیا خون، پٹھوں میں نئی طاقت پیدا کر کے جوانی کو ایکدم واپس لے آتی ہے سونا، مشک، عنبر اور قیمتی جواہرات اس کے جز ہیں قیمت فی شیشی ۔۔۔ روپے

طلاء مسیحی اس کو لگانے ہی مردہ رگوں میں اور پٹھوں میں جان آ جاتی ہے اور ۔۔۔ کی ساری خرابیاں ایک دم جاتی رہتی ہیں ۔۔۔

نسخہ مفت ۔۔۔ حکیم احسن الصمد ۔۔۔

صدیقی دواخانہ نور گنج دہلی

ستون سیدھا رکھیے



ستون اگر ٹیڑھا ہو جائے تو عمارت کا کیا حال ہوگا؟ انسان کی ریڑھ کی ہڈیوں کا ستون اگر سیدھا نہ ہو تو سارے جسم کا حال ۔۔۔ انسان وقت سے پہلے بوڑھا ہو جاتا ہے ۔۔۔ کی قوتیں جواب دے دیتی ہیں۔ پٹھوں اور غدودوں کا نظام صحیح نہیں رہتا۔ ہاضمہ گڑ جاتا ہے ۔۔۔ ہمدرد کی مشہور معجون ۔۔۔ بیماریوں اور کمزوریوں کو دور کر کے ۔۔۔ قائم رکھتی ہے بلکہ بوڑھوں میں بھی جوانی کی لہر دوڑا دیتی ہے ۔۔۔ آپ بھی آج ہی یہ عجیب و غریب معجون استعمال کر دیکھیے۔ قیمت فی شیشی (۲۰ خوراک) پانچ روپے۔

ہمدرد کا مشہور زمانہ مبالاحم دواخانہ ۔۔۔

قیمت فی بوتل پانچ روپے۔ نمونہ کی شیشی ۔۔۔

رسالہ ہمدرد شباب ۔۔۔ اردو ہندی اور انگریزی کی فہرست مفت

ہمدرد دواخانہ لیبوریٹری دہلی



ہمدرد

روزانہ
الجمعیۃ
دہلی
۸ر دسمبر ۴۰ء

مذہب اور غیر مذہبی حکومت

آئین ساز اسمبلی کے حالیہ سیشن میں جن کارگذاریوں کا مظاہرہ ہوا ہے اور جن طریقوں سے ہوا ہے وہ ہمارے لئے بہت ہی دلچسپ اور قابل توجہ ہیں۔ اس کی روداد ہمارے سامنے ہے اور وہ ہمیں اس فیصلہ پر مجبور کرتی ہے کہ ابھی جمہوریت کے مزاج کو جاننے اور سمجھنے کی بہت زیادہ ضرورت ہے، واقعہ یہ ہے کہ حکومت اور اس کے آئین کی بنیاد تو غیر مذہبی جمہوریت ہے مگر اسکے نمائندوں کی اکثریت مذہبی ہے، غیر مذہبی جمہوریت میں جب بھی مذہبی اکثریت کو بہ مدد کے گا اس میں کسی نہ کسی درجہ کا تضاد ضرور پیدا ہوجائے گا اور اسے دور کرنے کے لئے ہمیشہ تاویلوں اور چرب زبانیوں کا سہارا لیا جائے گا۔ ہمارا مطلب یہ نہیں کہ آئین ساز اسمبلی کے نمائندوں کی اکثر متعصب اور جانبدار ہے، بلکہ مطلب یہ ہے کہ دستور کی ترتیب کے وقت ان کے مخصوص خیالات کی بالادستی کام کرنے سے نہیں رکتی، ان کا ذہنی رجحان اکثر معاملات میں آڑے آتا ہے، اور ان میں حوصلہ کی وہ بلندی اور رواداری کی وہ اسپرٹ موجود نہیں رہتی جو جمہوری نمائندوں میں موجود رہنی چاہیے، اس نکتہ کو سمجھنے کے لئے ان بحثوں پر ایک گہری نظر ڈالیے جو مولیشیوں کی حفاظت اور ترقی کے سلسلہ میں ہوئیں، اور جن میں تاویلوں اور سخن سازیوں کا سہارا لے کر ایک ایسی راہ اختیار کی گئی جسے ہم معقولیت کی راہ نہیں کہہ سکتے۔ پرسنل لا۔ مذہب کے شخصی قوانین کے معاملہ ہی کو لیجئے اس سلسلہ میں اسمبلی کی اکثریت نے وسیع النظری اور رواداری کا کوئی ثبوت بہم نہیں پہونچایا۔ آخر کوئی بات تو تھی کہ انگریز نے کسی مذہب کے پرسنل لا۔ کو ہاتھ تک نہیں لگایا اور ڈیڑھ سو سال تک ٹھاٹ کے ساتھ حکومت کرتا رہا، اب اگر آزادی کے بعد یکسانیت اور ترقی کے بہانوں سے اسے ختم کیا جا رہا ہے تو یہ بات ہماری بنیادی سیاست کے لئے بہت مضر ہوگی اور فسطائیت کے خلاف دلوں میں برے جذبات پرورش پاتے رہیں گے۔ ڈاکٹر امبیڈکر نے پرسنل لا کے حامیوں کو جواب دیتے ہوئے نہایت بے احتیاطی کے ساتھ فرمایا

"اگر ہم نے مذہب کی حدود کو کم نہ کیا تو ہم کسی قسم کی اصلاح نہ کر سکیں گے اس ملک میں پیدائش سے لے کر مرنے تک ہر چیز کو مذہب میں داخل کر دیا گیا ہے ... [illegible]"

[illegible]

اچھی باتیں

فان لم یستجیبوا لک ... الظالمین (القصص ع ۵)

اگر ان لوگوں سے جواب نہ بن پڑے تو سمجھ لو یہ لوگ اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں اور اس شخص سے بڑھ کر گمراہ کون ہوگا جو خدا کی ہدایت سے تو گریز کرے اور اپنی خواہشات کی پیروی میں لگ جائے، خدا کا قانون ہے کہ ظالموں کو ہدایت کی توفیق نہیں ملتی۔

دنیا کی ہر مصیبت کی جڑ خواہشات کی پیروی اور خود غرضی ہے انسان اپنی غرض اور خواہش کی پیروی چھوڑ دے اور خدا کی بخشی ہوئی ہدایت پر چلے تو اس کی تمام مصیبتیں دور ہو سکتی ہیں کیونکہ خدا کی ہدایت خود غرضی سے بالاتر ہوتی ہے نہ تو وہ کسی کو معاف کرتی ہے اور نہ کسی کے ساتھ رعایت کرتی ہے۔

آج آزما کر دیکھ لیجئے کہ دنیا کی تباہی کا سبب اغراض اور خواہشات کی پرستش ہے۔ ہر ملک ہر قوم ہر گروہ ہر پارٹی صرف اپنا مفاد پیش نظر رکھتی ہے اور نظام تمدن کی خرابی سے یہ اصول بن گیا ہے کہ اگر دوسرے کے سو روپے کے نقصان میں اپنا ایک روپے کا فائدہ ہوتا ہو تو اپنا فائدہ نہ چھوڑو دوسرے کو سو روپے کا نقصان پہونچا دو۔ یہ شیطانی جذبہ صرف ہدایت ربانی سے دب سکتا ہے مگر افسوس، انسان سب کی پیروی کرتا ہے خدا کے قانون کی پیروی کرنے پر آمادہ نہیں ہوتا۔

یورپین اقوام نے مشرق میں انتہائی برباد کن لوٹ کھسوٹ مچائی

جنت نشان ملک کو فاقوں اور افلاس کے مارے ہوئے انسانوں کا دوزخ بنا دیا

(شیخ الاسلام مولانا مدنی کا خطبہ صدارت)

جمشید پور ۸ر دسمبر۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی مدظلہ العالی نے جمعیت علماء کانفرنس ضلع سنگھ بھوم میں اپنی صدارتی تقریر میں ہندوستان کے ماضی پر ایک تاریخی اور اجمالی نظر ڈالی ہے۔ آپ نے انگریزوں کی آمد کے بعد سے ہندوستان میں برطانوی اور دیگر مغربی اقوام کی مشرقی ممالک میں لوٹ کھسوٹ پر نظر ڈالی اور تقریر شروع کرتے ہوئے فرمایا

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین محمد وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔

اما بعد! حاضرین کرام

[illegible]

سفید قوموں کی لوٹ کھسوٹ

[illegible]

جمعیۃ علماء کی سرگرمیاں

جمعیۃ علماء جودھپور کا انتخاب

جودھپور ... مقامی جمعیۃ علماء کے اراکین کا حسب ذیل انتخاب عمل میں آیا۔

(۱) الحاج مولانا حکیم محمد ابراہیم خاں صاحب صدر
(۲) حکیم قاضی حفیظ اللہ صاحب صدیقی نائب صدر
(۳) بابو عبدالحمید خاں صاحب ... جنرل سکریٹری۔
(۴) شیخ عبدالجلیل صاحب ایم اے، ایل ایل بی ... جوائنٹ سکریٹری۔
(۵) کپتان حقیقت اللہ صاحب سکریٹری نشر و اشاعت
(۶) حکیم حافظ محمد علی صاحب ... مالک رفیق عالم یونانی دواخانہ خازن۔

صاحب گنج ضلع دیوریا میں جمعیۃ کا قیام

... نومبر ۱۹۴۸ء کو صاحب گنج ضلع دیوریا میں ہفتہ جمعیۃ منایا گیا، اور حسب ذیل عہدہ داروں پر ابتدائی جمعیۃ کا قیام عمل میں آیا۔

صدر: جناب شیخ امیر علی صاحب
سکریٹری: جناب مولوی محمد حسین صاحب
خزانچی: جناب شیخ حبیب الرحمن صاحب
نائندہ: جناب مولوی نور محمد صاحب

سہسوان میں جمعیۃ کا انتخاب

جناب ... صاحب کی تحریک اور کوشش سے ... [illegible]

ماندل (راجستھان) میں جمعیۃ کا وفد

[illegible]

مظفر نگر میں ہفتہ جمعیۃ کا جلسہ

[illegible]

بریلی میں جمعیۃ کی ممبرسازی

[illegible]

... میں قصبہ ... میں شیخ محمد ایوب صاحب ... خاں صاحب بی اے ... سابق ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ ... میں لگے ہوئے ہیں۔ قصبہ ... میں شیخ رمضانی صاحب منصوری ممبر سازی کر رہے ہیں۔

قصبہ بڑول ضلع بہرائچ میں ہفتہ جمعیۃ

... نومبر کو ... جناب حکیم ظہیر الدین صاحب صدر جمعیۃ ... وہاں پر ایک جلسہ ہوا جس میں ... صاحب نے جمعیۃ کے اغراض و مقاصد بتلائے اور جمعیۃ علماء کو مضبوط بنانے کے لئے اس کے ممبر بننے کے لئے کہا۔

ایڈیٹر کے نام ← خطوط

ایڈیٹر کا نامہ نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے

مسلم یونیورسٹی کا مسئلہ

مخدوم محترم السلام علیکم۔

آپ کے موقر اخبار الجمعیۃ میں مسلم یونیورسٹی اشاعت کے ایک گمنام صاحب نے ... سلسلہ شائع ہوا ہے جس میں میرے مضمون ... ڈاکٹر صاحب ... مدینہ ... ۱۹۴۸ء پر کچھ تنقید کی گئی ہے ... اس بات پر ہے کہ مضمون کے ابتدائی حصہ میں نواب محمد اسمٰعیل خاں صاحب کی تعریف کیوں کی گئی۔ مجھے ... [illegible]

(سید الطاف علی بریلوی)

چائے کا پیالہ

محترم السلام مسنون۔

[illegible]

(عزیز الرحمن ...)

طلباء کی انگریزی تہذیب

مکرمی تسلیم۔

[illegible]

(سید محمد قاسم ...)

[illegible]

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی کا خطبہ صدارت

(صفحہ ۔۔ سے آگے)

جابرانہ طریقوں کے استعمال کا نتیجہ ہے جس کی نظیر کسی زمانہ اور کسی ملک میں نہ ملے گی۔

تقریباً پچاس سال تک لوٹ کھسوٹ کا یہ سلسلہ تاجرانہ انداز میں جاری رہا۔ اس عرصہ میں بہت کافی دولت جمع ہو چکی تھی مگر زیادہ ستانی کی طمع روز افزوں تھی۔ ۔۔۔ کی صدا ۔۔۔ لگا رہا تھا۔

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

ابکثرت دولت نے مزاج میں نخوت بھی پیدا کردی تھی کہ وہ معمولی ولائتی لوگ جو ہندوستانی والیان ملک کی طرف سے ہوجاتی تھی نا گوار ہونے لگی تھی اور حب جاہ و حب اقتدار نے حکومت و سلطنت کا نقشہ بھی ان کے دماغوں میں جما دیا تھا لیکن آزاد فرمانروایان ملک کے مقابلہ میں مردانہ وار میدان میں کودنے کی ہمت مفقود تھی۔ لہذا رشوتوں کا بازار گرم کیا گیا اور میر جعفر اور امی چند جیسے بندگان سیم و زر کو ان کے ولی نعمت سراج الدولہ (نواب بنگال) سے غداری پر آمادہ کر لیا گیا۔

۱۷۵۷ء کی ایک تاریخ میں پلاسی کے مقام پر ۔۔۔

ہوئی جس میں دولت سے بہت زیادہ ہو گئی۔

(پرائیویٹ پریس انڈیا)

مغلوں کے خلاف اقدام

مہذب ڈاکہ زنی اور لوٹ کھسوٹ کا سلسلہ کو مستقل طور پر جاری رکھ سکے، اور مغل بادشاہ کی طرف سے روک ٹوک کے خدشہ کو ختم کر دینے کے لئے ایک اور چال چلی گئی جس کی تفصیل یہ ہے۔

شہنشاہ دہلی شاہ عالم مرحوم کو سبز باغ دکھا کر چند شرطوں کے ساتھ صوبہ بنگال بہار اور اڑیسہ کی دیوانی حاصل کر لی گئی بادشاہ کی طرف سے صرف تیس لاکھ روپیہ سالانہ کے معاوضہ (تفصیل ۔۔۔) اور دیوانی کے جملہ اختیارات کمپنی کے سپرد کر دیئے گئے اور جملہ فرمانروایان بنگال و اڑیسہ بہار کو حکم دے دیا گیا کہ وہ کمپنی کے ملازمین کی امداد و اعانت کرتے رہیں اور ان کے کسی انتظام میں رکاوٹ نہ پیدا ہونے دیں۔

برمی شہریوں کے ہند میں داخلہ پر پابندی

کچھ عرصہ سے ہند سرکار کی توجہ اس سوال پر مرکوز رہی ہے کہ آیا برما کے شہریوں کو مستقل طور پر برما کے شہریوں کو ہند میں داخل ہونے کے لئے پاسپورٹ اور پروانہ راہداری حاصل کرنا چاہئے یا نہیں۔

ہند سرکار کا منشاء تو حکومت برما کے ساتھ دوستانہ تعلقات جاری رکھنا چاہتی ہے لیکن موجودہ حالات میں ایک ملک سے دوسرے ملک میں آنے جانے پر کچھ کنٹرول رکھنا ضروری ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ اب کوئی ہندوستانی بغیر پاسپورٹ و پروانہ راہداری برما میں یا ایک ۔۔۔ افسروں کی اجازت کے بغیر برما میں داخل نہیں ہو سکتا ہے۔ اور ہندوستانیوں کو برما میں اجنبی کے قانون کے دائرہ میں شامل کر دیا گیا ہے۔

ہند سرکار نے فیصلہ کیا ہے کہ یکم جنوری ۱۹۴۹ء سے برما کے شہریوں کو بھی انڈین پاسپورٹ رولز ۱۹۴۸ء اور اجنبی لوگوں کی رجسٹریشن کے آرڈیننس ۱۹۳۹ء کے ماتحت کر دیا جائے اس تاریخ کے بعد ہند میں داخل ہونے والے برمیوں کو ہند میں داخل ہونے کا پاسپورٹ اور پروانہ راہداری حاصل کرنا پڑے گا۔ ہند پہنچنے پر ان کو اپنا نام غیر ملکیوں کے طور پر درج کرانے پڑیں گے ۔۔۔

دو نئی بندرگاہوں کی تعمیر

کراچی ۔۔ دسمبر۔ پاکستان میں جلد ہی دو نئی بندرگاہوں کی تعمیر اور توسیع کا کام شروع ہو جائے گا۔ ایک بندرگاہ سندھ مکران ساحل پر واقع ہے اور اس کا نام پسنی ہے۔ دوسری مشرقی بنگال کے ضلع کھلنا کے ساحل پر واقع ہے۔ کچھ عرصہ ہوا رائل پاکستان نیوی نے سندھ مکران اور مشرقی بنگال کے ساحلوں کا سروے کیا تھا۔ سندھ مکران ساحل پر پسنی اور ۔۔۔ تین بندرگاہیں ایسی جن میں سے سب سے زیادہ توسیع اور ترقی کے امکانات ہیں۔

صوبجات کی مالی امداد میں کمی

کرنسی کا پھیلاؤ روکنے کیلئے اقدام

کشمیر میں دفاعی اقدامات کر لینے کی پاکستان کی دھمکی

صدر مجلس تحفظ کو سر ظفر اللہ کا دوسرا خط

پیرس ۔۔ دسمبر۔ پاکستان نے اقوام متحدہ کی مجلس تحفظ کو مطلع کیا ہے کہ اگر مجلس تحفظ کی اس اپیل پر عمل نہ کیا جو مجلس تحفظ نے ۔۔۔ کشمیر میں فوجی کارروائی بند کرنے کے لئے کی تھی تو پاکستان مناسب دفاعی اقدامات کے لئے مجبور ہو گا۔

ایم ۔۔۔ صدر مجلس تحفظ کو پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ نے ایک خط بھیجا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان نے مجلس تحفظ کے ۔۔۔ کیلئے ۔۔۔ جو اقدامات ۔۔۔ کرے گا۔

سر ظفر اللہ نے لکھا ہے کہ حکومت پاکستان یہ بات واضح کر دینا چاہتی ہے کہ ۔۔۔ مجلس تحفظ میں ہندوستانی نمائندے کے اعلان کے باوجود جموں اور کشمیر میں ہند اپنی فوجیں ۔۔۔ جمع کر رہا ہے ۔۔۔

اگر اس حکومت نے مجلس تحفظ و اقوام متحدہ ہند و پاکستان کمیشن کی اپیل پر عمل نہ کیا اور کشمیر میں مزید فوجی کارروائی کو نہ روکا تو پاکستان کی حکومت اپنی حفاظت کے طور پر ان خطرات کے مقابلے کے لئے مناسب اقدامات کرنے کیلئے مجبور ہو جائے گی جو ہند کی فوجی کارروائی سے پیدا ہوں گے۔

ایک لاکھ کا کپڑا پکڑا گیا

کلکتہ ۔۔ دسمبر۔ ۔۔۔ کپڑے کے کنٹرول کے سلسلہ میں حکومت کے ایک جاری حکم کے مطابق شہر میں تمام سوتی کپڑے کے اسٹاک کا جائزہ لیا گیا اور ۔۔۔ ایک لاکھ روپے کا اسٹاک ذمہ دار افسران کے ۔۔۔ دستیاب ہوا لیکن ان افسران کا خیال ہے کہ لاکھوں روپے کا کپڑا چھپا دیا گیا ۔۔۔

پونچھ میں دشمن کی سرگرمیوں میں اضافہ

ننکانہ میں ایک جاسوس پکڑا گیا

جے پور میں کانگریس کا اجلاس

زراعتی اشیاء کی نمائش

امداد باہمی کی انجمنوں کی نشو و نما

مرکزی اسمبلی کا بجٹ سیشن یکم فروری سے شروع ہو جائیگا

(صفحہ ۔۔ سے آگے)

صوبہ سرحد میں لیگ کے فارموں کی تقسیم پر ضلع مردان میں قتل کی واردات

مسلم لیگ کونسل کے لئے انتخابات کرانا غیر ممکن نظر آتا ہے

آرگنائزر کی ہدایات

فصلوں کا کیلنڈر

مسئلہ فلسطین کا حل

اسرائیل کا رد عمل

جنوبی افریقہ میں بیکاری

برازیل سونے کی قیمت بڑھا دیگا

قائم مقام ثالث نہیں ہیں

مدرسہ رحمانیہ مراد آباد

حضرت معاونین کے لئے ضروری اعلان

سرکاری تعطیلات کی جدید فہرست

راجستھان کا نیا صوبہ بنانے کی تجویز

کری آپانند کے لئے کمانڈر انچیف

دار السلطنت

اکاؤنٹ کمیٹی کا جلسہ

اگلی جمعرات کو پبلک اکاؤنٹ کمیٹی کی نشستیں ختم ہو جائیں گی۔ یہ اجلاس تقریباً دو ہفتہ تک جاری رہے گا۔

تانگہ والے کی موت

ڈاکٹر پٹابی کو سپاسنامہ

قلعی مل سکتی ہے

بزم سخن کا ہفتہ واری مشاعرہ

سکھوں کا جلوس

ریلوے کے عارضی مزدوروں کو پنڈت پنت کی تنبیہہ

بھارت بنک کے ملازمین کی ہڑتال

مسٹر غلام محمد کی راجہ جی اور پنڈت نہرو سے ملاقات

مسٹر جے رام داس دولت رام کو صدمہ

مسٹر نارتھی نے خود کشی کر لی

مشرقی پنجاب کی حکومت کا تردیدی بیان

ہڑتال نہ کرو

وزیر محنت کا مشورہ

سیام میں داخل ہونیوالے چینیوں کے لئے کوٹے سسٹم کی ..

جعل سازی کا الزام میں مقدمہ

تیل نکالنے کی اجازت نامے

حکومت اسرائیل کا نیا ڈھونگ

اٹلی دو دن میں زلزلہ

برطانیہ و پولینڈ کا تجارتی معاہدہ

مشرق میں کمیونزم کا پھیلاؤ

برف سے ڈھکے ہوئے علاقہ میں

گرم اور زرخیز زمین کی تلاش

جاپان سیام تجارتی معاہدہ

نیپال میں بھی کمیونسٹ سرگرمیاں

ہاتھرس میں مسلح ڈاکہ

بھوپال کے ادغام کا مطالبہ

آپ کے بچوں کے پڑھنے کیلئے

الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان دہلی

شربت مصفی اعظم

خون کی تمام خرابیوں کو ٹھیک کر دیتا ہے۔ مثلاً جذام آتشک پھوڑے پھنسیاں۔ داد۔ خارش۔ سوء ہضم وغیرہ وغیرہ۔ اس سے بہتر خون صاف کرنے کے لئے کوئی نہیں۔ ضرورت مند لوگوں کو بیتے ... چاہئے۔ قیمت ایک روپیہ چار آنہ

ہمدم دواخانہ یونانی۔ لال کنواں دہلی

امیکوٹانک AMICOTONIC

کمزوروں کو طاقتور اور بڈھوں کو جوان بنانے والی دوا

نامردی۔ لاغری جسم۔ کمزوری دل و دماغ اور اعضائے رئیسہ کے لئے اکسیر

امیکو طلا

ملنے کا پتہ: امین اینڈ اسمعیل لمیٹڈ انگریزی دواخانہ نمبر ۸۰ کولوٹولا اسٹریٹ کلکتہ

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے ...

نواب مولوی سید محمد اشرف الدین ولد نواب مولوی سید محمد حمید الدین صاحب ...

نئے سال کی جنتری

مینیجر ہند بک ڈپو اردو بازار جامع مسجد دہلی

چین کی امریکہ سے ۳ ارب ڈالر کی فوری امداد کی درخواست

کمیونسٹوں کے خلاف جنگ کرنیکے لئے امریکی امداد کی ضرورت

واشنگٹن ۱۶ دسمبر مسٹر چیانگ کائی شک نے امریکہ سے درخواست کی ہے کہ وہ چین کو کمیونسٹوں سے بچانے کے لئے فوری امداد کرے۔ انہوں نے آئندہ تین سال کے لئے تین ارب ڈالر کی امداد کی درخواست کی ہے۔

امداد کا یہ پروگرام جو چار نکات پر مشتمل ہے چینی سفیر نے صدر ٹرومین کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ مسٹر چیانگ کائی شیک امدادی پروگرام کی تفصیلات سے غرض نہیں رکھتے۔ بلکہ وہ تو صرف یہ چاہتے ہیں کہ امریکہ چین کو جلد از جلد امداد دے۔

پروگرام کی تفصیلات یہ ہیں۔

۱۔ امریکہ کی حکومت فوراً یہ اعلان کرے کہ وہ جنرل چیانگ کائی شک کی کمیونسٹوں کے خلاف جنگ میں پوری امداد کرے گا۔ اس سے چینی فوجوں میں ہمت پیدا ہو جائے گی۔

۲۔ چین کو فوجی سامان مہیا کرنے میں بہت جلدی کی جائے۔ اور زیادہ سے زیادہ سامان [illegible] پہنچایا جائے۔

۳۔ امریکہ ایک بہت بڑا فوجی ماہر چین بھیجے تاکہ وہ چینی فوج کو تربیت دے اور سرکاری [illegible]

۴۔ چین کو تین سال تک متواتر فوجی اور اقتصادی امداد دینے کا پروگرام سالانہ ایک ارب ڈالر کی قیمت پر تیار کیا جائے۔

جو مبصرات نے ... مشاہدین کا خیال ہے کہ اس تجویز کے یہ معنی ہیں کہ جنرل چیانگ کائی شک یہ چاہتے ہیں کہ امریکہ اس جنگ کی پوری ذمہ داری سنبھال لے۔

ڈاکٹر جیسپ نے کہا کہ سال اول کے ایک ارب ڈالر کا ۶۰ فیصدی فوجی امداد میں صرف کیا جائے اور بقیہ اقتصادی امداد میں۔ لیکن بقیہ دو سال میں یہ فرض کرتے ہوئے کہ فوجی حالات بہتر ہو گئے ہیں زیادہ حصہ اقتصادی امداد میں صرف کیا جائے۔

کہا جاتا ہے کہ مسٹر چیانگ کائی شک نے مارشل سے دو مرتبہ ملاقات کی۔ صدر ٹرومین نے اپنے وفات ... [illegible]

مسٹر کھوڑو سندھ لیگ کے صدر منتخب ہو گئے

قائد سندھ زندہ باد کے پرجوش نعرے

ہڑتال پیداوار میں کمی اور کرنسی کے پھیلاؤ میں اضافہ کرتی ہے

ٹریڈ یونین کانگرس کا مزدوروں کو ہڑتال نہ کرنیکا مشورہ

احمد آباد ۱۶ دسمبر۔ انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگرس کا تین روزہ اجلاس ختم ہو گیا۔ اجلاس میں یہ تجویز منظور ہوئی کہ حکومت سے یہ اپیل کی جائے کہ وہ مزدوروں کو زری امداد دے تاکہ اسٹرائک وغیرہ کا خطرہ دور ہو جائے۔

اس اجلاس میں پانچ قرار دادیں منظور کی گئیں۔ پہلی قرار داد میں اس بات پر اظہار مسرت کیا گیا کہ تاجروں کے اشتعال دلانے اور بعض صوبائی اور مرکزی حکومت کی تاخیر اور بعض عناصر کے صنعتی امن کو توڑنے کی کوششوں کے باوجود مزدور پر امن رہے۔

اس قرار داد میں مزدوروں سے ہڑتال نہ کرنے کے لئے کہا گیا۔ اس قرار داد میں یہ بھی کہا گیا کہ اگر مزدوروں کے مطالبات منظور نہ کئے گئے تو کانگرس خود ہڑتال کرائے گی مگر اس وقت ہڑتال کرانا حکومت اور ملک کے لئے بڑی مشکلات کا باعث ہوگا۔

دوسرے ریزولیشن میں حکومت سے فوری امداد کی درخواست کی گئی۔ تیسری قرار داد میں انڈین نیشنل ٹریڈ یونین کانگرس سے ملحقہ ٹریڈ یونینوں سے اپیل کی گئی کہ وہ کارگذار مزدور طبقہ کے مفاد کی خاطر ہڑتال سے الگ رہیں۔

مسٹر ہری ہر ناتھ شاستری نے جنرل کونسل کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مزدوروں نے صنعتی سمجھوتہ کی پابندی کی ہے۔ اب حکومت اور آجروں نے اپنے فرض ادا نہیں کئے۔

کارکنوں کو ہڑتال نہ کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہڑتالوں سے پیداوار کم ہوتی ہے اور کرنسی کے پھیلاؤ میں اضافہ ہوتا ہے۔

انہوں نے ٹریڈ یونین کانگرس کے بڑھتے ہوئے رسوخ کا ذکر کیا۔ اور کہا گاندھی جی کے اصولوں پر سوشلسٹ ریاست بنائی جائے۔

مسٹر کھانڈو بھائی دیسائی جنرل سکریٹری نے سال بھر کی سرگرمیوں پر روشنی ڈالی۔

کشمیر میں کاشت کیلئے ٹریکٹر

سری نگر ۱۶ دسمبر۔ اناج کی پیداوار بڑھانے کی غرض سے کشمیر سرکار نے سرکاری غیر زیر کاشت زمین کو بھی زیر کاشت لانے اور ٹریکٹروں کا استعمال شروع کرنے کا بندوبست کیا ہے۔ فی الحال ۵ ہزار روپے ... ٹریکٹر خریدے گئے ... زمین کاشت کے لئے تیار ہے ... زمین بھی کاشت میں لائی جائے گی۔

مارشل نیپال راہنمرگ ہو جائیں گے

پیرس ۱۶ دسمبر۔ فرانس کی وزارت انصاف کی طرف سے اس اطلاع کی سخت تردید کی گئی ہے کہ مارشل نیپال کو خرابی صحت کی بنا پر رہا کر دیا جائیگا۔ مارشل مذکور کی عمر ۹۲ سال ہے۔ وہ فرانس کے مغربی ساحل پر ایک جزیرہ میں مقید ہیں۔ ان کے وکیل نے رائٹر کے نامہ نگار کو بتایا کہ ان کا دل کمزور ہو چکا ہے اور کسی وقت اپنے کمرہ میں مردہ پائے جا سکتے ہیں۔

ڈاکٹر جیسپ کی شاہ عبداللہ سے ملاقات

عمان ۱۶ دسمبر۔ توقع ہے کہ آج ڈاکٹر جیسپ عمان پہنچ کر شاہ عبداللہ سے ملاقات کریں گے۔ یہ ملاقات فلسطین کے فوجی اور سیاسی حالات پر ہوگی۔ وہ شاہ کے ساتھ کھانا کھائیں گے اور ملاقات کے بعد جنیوا بذریعہ ہوائی جہاز روانہ ہو جائیں گے کل انہوں نے قاہرہ میں وزیر اعظم مصر نقراشی پاشا سے فلسطین کے معاملہ پر گفت و شنید کی۔ انہوں نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ فلسطین کے مسئلہ کا ایسا حل نکل آئے گا جو عربوں اور یہودیوں دونوں کے لئے قابل قبول ہوں۔

جنرل اسمبلی کا اجلاس نیویارک میں ہوگا

اسٹیرنگ کمیٹی نے فیصلہ کر دیا

پیرس ۱۶ دسمبر۔ اقوام متحدہ کی اسٹیرنگ کمیٹی نے کل رات فیصلہ کیا ہے کہ جنرل اسمبلی کا موجودہ اجلاس ... نیویارک میں ... [illegible]

پاکستان کے محکمہ آثار قدیمہ کے فیصلے

وزیر تعلیم مسٹر فضل الرحمن کی تقریر

کراچی ۱۶ دسمبر۔ پاکستان کے آثار قدیمہ اور تاریخی ریکارڈ کمیشن نے اپنے افتتاحی اجلاس میں فیصلہ کیا ہے کہ حکومت پاکستان اسباب کا انتظام کرے کہ ممالک غیر میں جا کر لائبریریوں سے وہ فوٹو حاصل کئے جا سکیں جو پاکستان کے لئے مفید ثابت ہوں۔

یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ حکومت فوراً ان دستاویز کے مائیکرو فلمنگ کا انتظام کرے جو دہلی کے محکمہ آثار قدیمہ میں موجود ہیں۔ کمیشن نے اس بات پر بھی زور دیا ہے کہ انڈیا آفس کی تقسیم کے لئے جو کمیٹی بنائی گئی تھی اس کو حکومت برطانیہ سے پاکستان کے حصہ کی دستاویزات حاصل کرنے کے لئے بات چیت کرنے کے لئے کہا جائے۔

وزیر تعلیم مسٹر فضل الرحمن نے اس موقعہ پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اب جو تاریخ لکھی جا رہی ہے اور یہ بہت اہم کام ہے ماضی میں مسلمانوں کے تعلیم میں پیچھے رہ جانے کے باعث صحیح تاریخ مرتب نہ ہو سکی اور تاریخ مرتب کرنے کا کام برطانوی پایہ تکمیل کرتے رہے۔ برطانوی مورخوں نے مسلم عہد اور کلچر کی تاریخ اپنے نقطہ نظر سے تیار کی اور بعد ازاں ہندو مورخوں کے تاریخ مرتب کرنے پر بھی اس میں کوئی بہتر صورت نہ نکلی اور غلط بیانی، مبالغہ آمیزی وغیرہ مختلف الخیالی کے باعث برقرار رہا۔

پاکستان کی ترقی کی اسکیمیں

بین الاقوامی بنک سے امداد کا مطالبہ

[illegible]

پاکستان اگر پانی کے ذرائع کا مطالعہ کرنے کے لئے ماہرین کو دعوت دیں ...

ایک ہوائی جہاز کا تصادم

چھ مسافر ہلاک ہو گئے

شنگھائی ۱۶ دسمبر۔ ... کے ایک ہوائی جہاز کے ٹکرانے سے چھ چینی مسافر ہلاک ہو گئے خیال ہے کہ امریکن پائلٹ بھی ہلاک ہو گیا ... سات مسافر سخت زخمی ہوئے جہاز مذکور شہر کے نزدیک اترنے کی کوشش کر رہا تھا ... دو سال قبل بھی تین ہوائی جہاز کہر کی حالت میں اترنے کی کوشش کر رہے تھے۔ کہ ایک ہوائی جہاز ٹکرا کر تباہ ہو گیا تھا۔

سپاسنامہ دینے کا سوال

اندور کے سٹی کانگرس مستعفی ہوگئے

[illegible]

دستور ساز اسمبلی

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

عام بحث

[illegible]

حیدرآباد اسٹیٹ کانگرس میں پھوٹ پڑ گئی نئی جماعت قائم ہو گئی

سوامی رامانند کی جانب سے مخالف جماعت پر خود غرضی اور رجعت پسندی کا الزام

[illegible]

ادغام کا فیصلہ ملتوی

حیدرآباد میونسپلٹی کے اجلاس میں فیصلہ

[illegible]

سردار پٹیل گوالیار کے قلعہ میں

[illegible]

ہند پاکستان کانفرنس

(صفحہ اول سے آگے)

[illegible]

کشمیر سے مسلمانوں کی آمد کا مسئلہ

ہند اور پاکستان کی کانفرنس میں غور

[illegible]

کانگرس کا سالانہ اجلاس

مغربی بنگال میں کرنے کی دعوت

[illegible]

والیان ریاست کے ذاتی اخراجات کا سوال

[illegible]

برلن کے لئے واحد ادارہ

(صفحہ اول سے آگے)

غیر قانونی ادارہ

[illegible]

ہندوستان کی سوشلسٹ پارٹی

بین الاقوامی کانفرنس کی ممبر نہیں بنے گی

[illegible]

اندور میڈیکل کالج کا انتظام

حکومت مدھیہ بھارت لے لیگی

[illegible]

ہمارا اعلان نمونہ مفت

[illegible]

دواخانہ ... دہلی

رجسٹرڈ ڈی ۔ نمبر

قائم شدہ ۱۹۲۵ء

قیمت سالانہ
چالیس روپے
ششماہی بیس روپے
سہ ماہی
گیارہ روپے

الجمعیۃ

جمعیۃ علماء ہند کا واحد ترجمان

روزنامہ

ایڈیٹر محمد عثمان فارقلیط

ایسا نہ کیجئے
وی۔ پی منگاکر واپس کر دینا قانونی ۔ اخلاقی اور مذہبی جرم ہے ۔ آپ کی طلب پر وی۔ پی پہونچے تو اسے ضرور وصول فرمائیے ۔
مینیجر

تار کا پتہ ۔ الجمعیۃ دہلی

فون نمبر ۵۸۵۵

قیمت فی پرچہ دو آنے | جلد ۲۳ | دہلی یوم جمعرات ۵ صفر المظفر ۱۳۶۸ھ مطابق ۹ دسمبر ۱۹۴۸ء | نمبر ۲۶۹ | بذریعہ ہوائی جہاز اڑھائی آنہ

ہر مذہبی فرقہ کو اپنے مذہبی اور خیراتی ادارے قایم رکھنے اور چلانے کی اجازت ہوگی

دستور ساز اسمبلی میں بنیادی حقوق کی اہم دفعات کی منظوری

تعلیمی اداروں میں طلبا کو کسی خاص مذہبی تعلیم کے لئے مجبور کرنے کا مطالبہ

(نامہ نگار خصوصی)

نئی دہلی ۸ دسمبر ۔ دستور ساز اسمبلی میں آج بنیادی حقوق سے متعلق تعلیمی اداروں کا مسئلہ خاص طور پر زیر بحث آیا ...

شنگھائی اور نانکنگ کو زبردست خطرہ پیدا ہوگیا

جنرل چیانگ کائی شیک نے فوری امداد روانہ کر دی!

ترکی میں کمیونسٹ مخالف مظاہرے

چینی فوجوں کی شکست سے اقوام متحدہ کا ڈھانچہ ٹوٹ جائیگا

مغربی حکومتوں اور امریکہ کے شعبہ خارجہ کی پریشانی اور الجھن

ہمیں آئندہ نسلوں کو آرام پہنچانے کیلئے سخت محنت کرنی چاہئے

آبپاشی بورڈ کے افتتاح پر پنڈت نہرو کی تقریر!

ہند اور پاکستان کے درمیان سب سے اہم کانفرنس شروع ہوگئی

دونوں ملکوں کی طرف سے دوستانہ اسپرٹ کا اظہار

سات کمیٹیوں کا تقرر ۔ کانفرنس کو کامیاب بنانے کیلئے کوشش

سکھوں کی ستیہ گرہ

پنڈت نہرو دہرہ دون جائینگے

جنرل اسمبلی کا اجلاس

گیارہ دسمبر کو ختم ہو جائے گا

حیدرآباد کی لیجلیٹو اسمبلی توڑ دی گئی

نئی انتخابی فہرستیں تیار کرنے کا حکم دیدیا

حب نعمت ۔ ہر قسم کی جنسی کمزوریوں کو دور کر کے طاقتور بنانے کی حیرت انگیز دوا ہے ۔ ۳۲ گولیوں کی قیمت صرف ایک روپیہ ۔ دواخانہ بقائی چتلی قبر دہلی

ہر مسلمان پرسنل لاکو اپنے مذہب کا حصہ سمجھتا ہے اور اس میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں چاہتا

جو کچھ ایک ہاتھ سے دیا گیا ہے اسے دوسرے ہاتھ سے چھین لیا گیا ہے

بنیادی حقوق کی ایک اہم دفعہ پر دستور ساز اسمبلی میں قاضی سید کریم الدین کی تقریر

(نامہ نگار خصوصی الجمعیۃ)

مسلمان پرسنل لا کو اپنے مذہب کا ایک جزو سمجھتے ہیں۔ اور ملک کے اندر ایسا کوئی مسلمان نہیں ہے جو اپنے مذہبی حقوق اور پرسنل لا سے متعلق قاعدوں میں کسی قسم کی تبدیلی چاہتا ہو۔ اور اگر کوئی مسلمان ایسا موجود ہے تو وہ مسلمان نہیں ہو سکتا۔ یہ ہیں وہ الفاظ جو قاضی سید کریم الدین صاحب ممبر دستور ساز اسمبلی نے گزشتہ ۔۔ دسمبر کو بنیادی حقوق کی دفعہ ۱۹ پر عام بحث کے دوران میں تقریر کرتے ہوئے کہے۔ قاضی صاحب نے ایوان کو مطلع کیا کہ اگر دفعہ ۱۹ جوں کی توں منظور کر لی گئی۔ تو یہ اقلیتوں کے لئے ناقابل قبول ہوگی۔

آپ نے کہا: اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یہ دفعہ آئین کی جان ہے۔ اس دفعہ کے بغیر آئین ایک مردہ جسم کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ وہ حقوق جن کا دفعہ نمبر ۱۳ کے ماتحت ذکر کیا گیا ہے، بلاشبہ ناقابل انتقال حقوق ہیں۔ لیکن جو چیز پیدا ہو رہی ہے وہ یہ ہے کہ آیا یہ حقوق حکومت کے سپرد کئے جا سکتے ہیں یا ہم ایسے اصول مرتب کر رہے ہیں جو قانون کی زد میں یا وہم و خیال میں نہیں آ سکتے۔ میرا نقطۂ نظر ہے کہ یہ آزاد کے بنیادی حقوق ہیں جو کہ دفعہ نمبر ۱۳ میں بیان کئے گئے ہیں اور وہ قانون کے لئے زیر بحث نہیں لائے جا سکتے۔

پرسنل لا کا احترام

دفاع اور صنعت و رسد کی وزارتوں کی بابت بھی رپورٹ مرتب ہوگی

مرکزی حکومت کے اخراجات میں ایک تہائی کمی کے فیصلہ کی توثیق

مانچسٹر میں خنجر زنی کی واردات

ایک ہندوستانی بھی گرفتار

گورنر جنرل مسٹر راجگوپال آچاریہ

کانگریس کے اجلاس میں شامل نہ ہوں گے

یونیورسٹی کمیشن کی میٹنگ

امریکہ میں کمیونسٹوں کی سرگرمیاں

ہوائی بیڑہ کے تین تباہ کن جہاز

گاؤں میں اکیلا مسلمان رہ گیا تھا

اسے بھی قتل کر دیا گیا

شام میں نئی وزارت کا قیام

یو پی کے سکھوں کا وفد دہلی میں

صوبائی اسمبلی و کابینہ میں نمائندگی کا مطالبہ

مشرقی بنگال میں عنقریب راشن ختم

سندھ کے دیہات میں ڈکیتی

گاندھی نگر میں سامان کی ہیرا پھیری

عورتوں کو دوڑ میں بھیجنے کی ممانعت

سردار پٹیل دہلی آ گئے

ملان کی شیطانی اسکیم

بادشاہ کی حالت اب بہتر ہے

انڈین شوگر ملز ایسوسی ایشن کا انتخاب

پنڈت نہرو کی دعوت منظور کر لی

روس میں دمدار ستارہ

غنڈہ اور سیفٹی ایکٹ

اکثریت کی طاقت

اعتماد کر لینا چاہیے

ضرورت ہے

(۱) ایک ہیڈ مولوی کی جو مدرسہ کا مولوی و عالم کا تعلیم دے سکتے ہوں

(۲) ایک ٹرینڈ نارمل پاس مدرس کی جو مدرسہ پرائمری کی تعلیم دے سکتا ہو۔ ہر دو حضرات کے لئے تجربہ کار ہونا شرط ہے۔ تنخواہ مستقل ہے۔ بقیہ معاملات خط و کتابت سے طے کریں۔

سکریٹری مدرسہ عالیہ عربیہ رحمانیہ رسڑا ضلع بلیا۔ یو۔ پی

"ہفتہ وار الجمعیۃ"

کا

مطالعہ فرما کر اپنا قومی فرض ادا کیجئے

اور

اپنے یہاں کے ایجنٹ سے طلب فرمایئے۔

(منیجر)

جمعیۃ علماء کی خبریں

روزانہ
الجمعیۃ دہلی
۹ر دسمبر ۴۷ء

مسلمان غور کریں

مسلمانوں کو اب کان کھول کر سن لینا چاہیے کہ وہ ہندوستان کے آزاد شہری ہیں اور انہیں یہاں رہنے، یہاں کے وسائل اختیار کرنے اور یہاں کی ہر چیز سے فائدہ اٹھانے کا اسی طرح حق ہے جس طرح دوسروں کو ہے۔ دستور ساز اسمبلی نے بنیادی حقوق کی یہ دفعہ منظور کر لی ہے کہ ہندوستان میں مذہب کی بنا پر کسی سے امتیازی برتاؤ نہیں کیا جائیگا کیونکہ حکومت کا کوئی مذہب نہیں، وہ سب کی ہے اور سب کو اس کے زیر سایہ رہنے کا مساوی طور پر پورا حق حاصل ہے! اس اعلان اور فیصلہ کے بعد کوئی بے توفیق اور بزدل ہی ہوگا جو خوف و ہراس میں مبتلا ہو اور چاروں طرف دیکھ کر اس پر مایوسی طاری ہو جائے جو لوگ اپنے دل سے ایک بات گھڑ کر اور خود ہی کچھ وسوسے پیدا کر کے اپنے آپ کو بے بس پسماندہ اور بے یار و مددگار سمجھنے لگیں تو اس میں حکومت کا کوئی تصور نہیں حکومت کا جو فرض تھا اس نے ادا کر دیا، وہ اتنا ہی کر سکتی تھی کہ مذہب کا امتیاز مٹا کر سب کو ایک عام شاہراہ پر ڈال دے اور آبرومندانہ زندگی بسر کرنے کے لئے سب کو آزادی عطا کر دے اب یہ کام مسلمانوں کا ہے کہ وہ اس اعلان کی قدر کریں اور حالات سے مطابقت پیدا کرنے کے لئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ اگر وہ ایسا نہیں کرتے تو وہ حکومت کو ملامت اور حالات پر ماتم سرائی کرنے کے بجائے اپنی ان خامیوں کا سراغ لگائیں جنہوں نے انہیں اس درجہ پست کر دیا ہے کہ کھڑا ہونا چاہتے ہیں مگر نہیں ہو سکتے چلنا چاہتے ہیں مگر نہیں چل سکتے اور پھر ان کمزوریوں کو باہر تلاش کرتے ہیں، دل کے چور کو خاطر میں نہیں لاتے!

بنیادی حقوق کی یہ دفعہ کہ کسی شخص کے ساتھ مذہب کی بنا پر امتیازی سلوک نہیں کیا جائے گا، بہت دور رس ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ مسلمان اپنے آپ کو محکوم نہ سمجھیں اور یہ خیال بھی نہ کریں کہ ہندوستان کی اکثریت ان کی حاکم ہو گئی ہے اور اب ان کا تعلق اس کے ساتھ محکومانہ وفاداری کا تعلق ہے۔ البتہ یہ حق ہے کہ نمایندگی اور ملازمتوں کی تقسیم میں جس ملت کی تعداد بڑی ہوگی اسی کو اکثریت کی قوت حاصل ہوگی، اور یہ بات قدرتی ہے کیونکہ جس ملت کی تعداد بڑی ہے وہ بہر حال بڑی ہی سمجھی جائیگی اور تعداد کے تناسب سے بھی بڑا فائدہ اٹھائے گی مگر اس کا مطلب چھوٹی تعداد کی محکومی نہیں ہے، اگر اقلیتوں نے خود بخود ہی اپنے آپکو محکوم سمجھ لیا تو اس تصور سے نہ صرف ان ہی کو نقصان ہوگا بلکہ اکثریت کے پھلے پھولتے جسم میں بھی پھوڑا پیدا ہو جائے گا اور یہ اقلیتوں کی توہین نہیں ہوگی، بلکہ اس سے اکثریت کی شان کو بھی بٹہ لگ جائے گا۔

چونکہ ہم جانتے ہیں کہ مسلمانوں کے عذرات کیا ہیں، اس لئے ہم ایک ایک عذر کا جائزہ لے کر انہیں بتلا دیں گے کہ گھبرانے اور مایوس ہونے کی کوئی بات نہیں، جوں جوں زمانہ گذرتا جائے گا اور دلوں کا میل دھلتا ہوگا، حالات خود بخود بدلتے جائیں گے، آخر دل اس بات کی گواہی تو دیتا ہے کہ کوئی ملت کو گھر اور مذہب کی حالت میں ہمیشہ نہیں رہ سکتی، اضطراب و امتحان کا بھی ایک وقت ہوتا ہے جب وہ گذر جاتا ہے تو یہ بھی یاد نہیں رہتا کہ ماضی میں کیا ہوا تھا اور ہم کس قسم کی عام تباہیوں میں مبتلا تھے۔

مسلمان کہتے ہیں کہ سرکاری حکام کا سلوک بہتر نہیں ہے، عوام بھی انہیں بری نظر سے دیکھتے ہیں، اس سلسلہ میں وہ بلا وجہ کی گرفتاریوں کا بار بار ذکر کرتے ہیں اور حکام کے طرز عمل کی شکایت کرتے ہیں۔ مگر ہم پوچھتے ہیں کیا یہی بات ہے مسلمانوں کو ڈر کر اور سہمنا چاہیے؟ کیا انہیں مایوس کرنے اور ان کے حوصلے پست کرنے کے لئے یہی بات ہی کافی ہے کہ حکام اور عوام کا سلوک قابل اعتراض ہے۔ اگر بات یہ ہے تو کون تسلیم کرے گا کہ مسلمانوں نے شدائد اور مصائب میں پرورش پائی، شباب حاصل کیا ہے اور وہ تلواروں کے سایہ میں زندگی بسر کرنے کے عادی ہیں! انہیں یقین ہے تو ملت کی اسلام کی اور اسلام کی شاندار روایات ہی کی لاج رکھو اور بات بات پر منہ بسورنا چھوڑ دو، اگر تمہیں یقین ہے کہ خدا حق کی مدد کرتا ہے اور بغیر عزم کے کسی کو نہیں چھوڑتا تو تم اسی کا دامن پکڑ کر جینے کی کوشش کرو، یقیناً جس کے ساتھ خدا کی نصرت ہوگی اور جس کا نصب العین حق ہوگا وہ کبھی برباد نہیں کیا جائے گا۔

مسلمانوں کا یہ بھی کہنا ہے کہ ان کی زبان کو برباد کیا جا رہا ہے اور انہیں دعوت دی جا رہی ہے کہ وہ اپنا مخصوص کلچر چھوڑ کر عام کلچر اختیار کریں، حتی کہ اپنا لباس تک ترک کر دیں اور دعا و قرأت کے بجائے گنگا و جمنا کا وظیفہ پڑھیں! مگر ہم پوچھتے ہیں کہ کب مسلمانوں کے لئے ضروری ہو گیا ہے کہ ہر قسم کی بکواس کو باور کر کے حقائق کا منہ نوچنے لگیں؟ دنیا میں ہر بولی بولی جاتی ہے آپ کس کس کی زبان پکڑیں گے، ایک شخص اگر مسلم کلچر کا مذاق اڑاتا ہے، اگر مسلمانوں کے لئے کسی کو کیا ضرورت ہے کہ سر [illegible] بن کر آ جائے گا، اور ان کی عام زبان محض کہدینے اور قرارداد منظور کر لینے سے ختم ہو جائے گی؟ قدرتی چیزوں کو ختم کرنے والا کون؟ اور جو اسے باور کرے اس کی حماقت کا کیا ٹھکانا! اولوالعزم اور تاریخی ملتیں ان خرافات سے کبھی متاثر نہیں ہوتیں، وہ احمقوں کی ان باتوں پر ہنستی اور اپنے کام سے کام رکھتی ہیں، مگر مسلمان ہیں کہ بات بات پر بگڑتے اور قدم قدم پر پھسلتے ہیں اور یہی وہ نقصان ہے جس کی تلافی مشکل نظر آتی ہے۔ اب یہ بھی کہا جاتا ہے کہ دیکھو، دستور ساز اسمبلی میں ذبیحہ گاؤ بھی بند کر دیا گیا، یہ مسئلہ کا فیصلہ ہی تمام ہوا! مگر ذبیحہ گاؤ کے بند ہونے سے مسلمانوں کا کیا نقصان ہے؟ کیا وہ صرف اسی کے بھروسے پر زندہ رہتے ہیں، دوسرے گوشت کھائیں اور قدرت خدا کا تماشا دیکھیں کہ گائے کیا کرتی ہے گائے اور بھینس کیا کیا کھلاتی ہے، البتہ یہ مسئلہ کے متعلق ان کی شکایت بجا ہے، مگر ہم انہیں اطمینان دلاتے ہیں کہ مسلمان کبھی اپنے مذہب میں مداخلت کو برداشت نہیں کریگا اور کوئی ایسی بات نہیں مانے گا جو بالکل انوکھی ہو اور دنیا کے کسی خطہ میں اس کی نظیر موجود نہ ہو، مگر ہم پوچھتے ہیں کہ ان باتوں سے گھبرانے اور ڈرنے کی کیا ضرورت ہے، آپ جمعیۃ علماء پر اعتماد کریں، اس کے ہاتھوں کو مضبوط بنائیں اور یقین رکھیں کہ ہمارے

اچھی باتیں

اولٰئک۔ تا۔ ینفقون (پ۲ ع۹)

جو لوگ حق کے آگے سر جھکاتے ہیں اور اس راہ کی مصیبتوں کو جھیل کر صبر کرتے ہیں انہیں دہرا اجر دیا جائے گا، اور پھر یہ لوگ صبر پر ہی اکتفا نہیں کرتے بلکہ برائی کو بھلائی سے دور کرتے ہیں اور جو کچھ خدا نے انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

دہرے اجر کا یہ وعدہ کس بنیاد پر کیا جا رہا ہے: مصائب پر صبر اور استقامت اور برائیوں کو بھلائیوں سے دور کرنا! امن اور اتحاد کی ساری تحریکیں ایک طرف اور برائیوں کو بھلائیوں سے دور کرنے کا گر دوسری طرف برائی برائی سے دور نہیں ہوتی گندگی کو گندگی سے دور نہیں کیا جا سکتا۔ ہر برائی کا علاج بھلائی ہے، کوئی ظلم کرے تم انصاف کرو، کوئی جھوٹ بولے تم سچ بولو، کوئی خیانت کرے تم امانت کا ثبوت دو، وعظ اور تقریروں سے کبھی کوئی برائی دور نہیں ہوتی۔ اگر برائی کو دور کرنا چاہتے ہو تو اس کے مقابلہ پر بھلائی پیش کرو، صبح پہلے اپنی کرنیں پھیلاتا ہے، پھر تاریکی دور ہوتی ہے یہ سنگر روح وجد کرتی ہے کہ برائیوں کو بھلائیوں سے دور کرو۔ کیسا سچا فلسفہ ہے کہ برائی کے میل پر بھلائی کا صابن لگاؤ میل خود بخود کٹ جائیگا۔

انٹر ڈومنین کانفرنس

دہلی میں انٹر ڈومنین کانفرنس شروع ہو چکی ہے۔ اور اس کے نتائج بھی بہت جلد برآمد ہونے والے ہیں، ہماری آرزو ہے کہ یہ کانفرنس خلوص، تعاون اور حسن تفاہم کی مظہر ہو اور اس میں دو ڈومنین کی شرکت محض شرکت کے خیال سے نہ ہو بلکہ کسی مقصد کی تکمیل کے لئے ہو، خلوص اور نیک نیتی سے یہ کام انجام پا جائیں گے اور بد نیتی سے کوئی کام بھی پایہ تکمیل کو نہیں پہنچے گا، ہمیں افسوس ہے کہ عین موقعہ پر اخبارات نے جو شر فساد اور شرارت کے بانی ہیں، کسی ڈومینین حکومت کے خلاف زہر اگلنا اور [illegible] شبہات کا اظہار کرنا شروع کر دیا ہے۔ اگر ان کی حیثیت اتنی بلند ہوتی کہ ان کی خرافات سے کوئی کام بن جاتا تو کانفرنس کی ضرورت ہی لاحق نہ ہوتی، کسی ایڈیٹر کو بلا لیا اور انٹر ڈومینین مسائل طے ہو گئے! ضرورت ہے کہ اس موقعہ پر اخبارات رہنما کا رول ادا کریں۔ اپنے خیالات اور دو ڈومینین کو آزاد فضا میں نیک نیتی کے ساتھ کسی نتیجہ پر پہنچنے کا موقعہ دیں، اخبارات کی نیکیاں تو اب اتنی ہو چکی ہیں جن کا شمار بھی مشکل ہے، آئندہ بھی انہیں اپنی ستادیوں کے مظاہرہ کا موقعہ مل سکے گا، مگر اس موقعہ پر تو وہ جبر کر کے اپنے داخلی جذبات کو قابو میں رکھیں اور دو ڈومینین کے مذاکرات میں آڑے نہ آئیں، اہم کانفرنس کی کامیابی کے لئے دست بدعا ہیں کیونکہ اس کی کامیابی، انصاف اور انسانیت کی کامیابی ہوگی اور ہمارا ملک اطمینان کا سانس لے سکے گا۔

